بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# مختصر مسنون دعائیں



مصنِّف

مفتی محمد رضوان

ادارہ غفران راولپنڈی پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مختصر

# مسنون دعائیں

بچوں، بچیوں اور بالغوں کے لئے

قرآن وسنت سے ماخوذ

متفرق اوقات وحالات اور حاجات کی مسنون ومستحب اور مستند ومختصر دعائیں

مصنّف

مفتی محمد رضوان

ادارہ غفران راولپنڈی پاکستان

www.idaraghufran.org

Idara Ghufran

(جملہ حقوق بحق ادارہ غفران محفوظ ہیں)

نام کتاب: مختصر مسنون دعائیں

مصنِّف: مفتی محمد رضوان

طباعتِ اوّل: ربیع الاول ۱۴۳۶ھ، جنوری 2015ء

صفحات: ۹۲

---

## ملنے کے پتے

Idara Ghufran

# فہرست


| | مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱ | تمہید (از مؤلف) | ۱۳ |
| ۲ | (پہلا حصہ) | ۱۵ |
| ۳ | اللہ کی مدد اور ہدایت حاصل کرنے کے لئے سورہ فاتحہ پڑھیں | // |
| ۴ | شرک سے حفاظت کے لئے سورہ کافرون پڑھیں | // |
| ۵ | اللہ پر ایمان لانے کے لئے سورہ اخلاص پڑھیں | ۱۶ |
| ۶ | جادو اور نظرِ بد سے بچنے کے لئے سورہ فلق پڑھیں | ۱۷ |
| ۷ | انسانوں اور جنوں کے شر سے بچنے کے لئے سورہ ناس پڑھیں | // |
| ۸ | اللہ کی کتاب اور اللہ کے رب ہونے پر ایمان لانے کی دعاء | ۱۸ |
| ۹ | اللہ اور دوسری چیزوں پر ایمان لانے کی دعاء | // |
| ۱۰ | شرک سے نجات والی دعاء | // |
| ۱۱ | صبر اور اسلام پر خاتمہ کی دعاء | ۱۹ |
| ۱۲ | شیطان کے حملہ سے بچنے کی دعاء | // |
| ۱۳ | کلمۂ تہلیل اور افضل ذکر | // |
| ۱۴ | کلمۂ شہادت | ۲۰ |

| | | |
|---|---|---|
| ۱۵ | کلماتِ باقیاتُ الصالحات | ۲۱ |
| ۱۶ | شیطان سے حفاظت، درجات کی بلندی اور گناہوں کی معافی والا کلمہ | ۲۲ |
| ۱۷ | اللہ کی رضا اور جنت واجب کرانے والا کلمہ | ۲۳ |
| ۱۸ | زبان پر ہلکا، میزان میں بھاری، رحمان کو محبوب کلمہ | ۲۴ |
| ۱۹ | دنیا اور آخرت کی بھلائی حاصل کرنے کی دعاء | // |
| ۲۰ | علم میں اضافہ کی دعاء | // |
| ۲۱ | ذہن کے تیز اور زبان کی لکنت دور ہونے کی دعاء | ۲۵ |
| ۲۲ | ہر کام میں کامیابی کی دعاء | // |
| ۲۳ | اللہ سے مدد حاصل کرنے کی دعاء | // |
| ۲۴ | روزی اور رزق میں برکت کی دعاء | ۲۶ |
| ۲۵ | بیماری سے شفاء پانے کی دعاء | // |
| ۲۶ | مصیبت و تکلیف پہنچنے کے وقت کی دعاء | // |
| ۲۷ | کوئی چیز پسند آنے کے وقت کی دعاء | // |
| ۲۸ | مسلمان سے ملاقات کی دعاء | ۲۷ |
| ۲۹ | غیر مسلم سے ملاقات کے وقت کی دعاء | // |
| ۳۰ | غیر مسلم کے سلام کے جواب کی دعاء | ۲۸ |
| ۳۱ | خیریت معلوم کرنے والے کے جواب کی دعاء | // |
| ۳۲ | حیرت و تعجب کے وقت کی دعاء | // |
| ۳۳ | اچھا برتاؤ کرنے والے کے لئے دعاء | // |


Idara Ghufran

| | | |
|---|---|---|
| ۳۴ | کام کرنے والے کے لئے دعاء | ۲۹ |
| ۳۵ | کسی کام کا ارادہ ظاہر کرتے وقت کی دعاء | ؍؍ |
| ۳۶ | چھینک آنے کی دعاء | ؍؍ |
| ۳۷ | چھینکنے والے کے جواب کی دعاء | ۳۰ |
| ۳۸ | خلافِ منشاء نتیجہ سامنے آنے پر کی جانے والی دعاء | ؍؍ |
| ۳۹ | کسی کی طرف سے اپنی تعریف ہونے کے وقت کی دعاء | ۳۱ |
| ۴۰ | غصہ کے وقت کی دعاء | ؍؍ |
| ۴۱ | قرآن کی تلاوت شروع کرنے کی دعاء | ؍؍ |
| ۴۲ | کوئی بات لکھتے وقت کی دعاء | ۳۲ |
| ۴۳ | کسی جگہ پہنچنے کی دعاء | ؍؍ |
| ۴۴ | کسی جگہ سے اُٹھتے وقت کی دعاء | ؍؍ |
| ۴۵ | ہر قسم کے نقصان سے بچنے کے لئے صبح اور شام کی دعاء | ۳۳ |
| ۴۶ | ہر نماز کے بعد اور سوتے وقت کی دعاء | ؍؍ |
| ۴۷ | سوتے وقت کی دعاء | ؍؍ |
| ۴۸ | رات بھر ہر قسم کے نقصان سے بچنے کی دعاء | ؍؍ |
| ۴۹ | برا خواب نظر آنے پر اس کے نقصان سے بچنے کی دعاء | ۳۴ |
| ۵۰ | سو کر اُٹھنے کی دعاء | ؍؍ |
| ۵۱ | کھانا شروع کرنے سے پہلے کی دعاء | ؍؍ |
| ۵۲ | کھانے کے دوران کی دعاء | ۳۵ |

| | | |
|---|---|---|
| ۵۳ | کھانے اور پینے کے بعد کی دعاء | ۳۵ |
| ۵۴ | کھانے کے بعد کی ایک اور دعاء | // |
| ۵۵ | دوسرے کا کھانا یا دعوت کھانے کے بعد کی دعاء | // |
| ۵٦ | کھانا کھلانے والے کے سامنے کرنے کی دعاء | ۳٦ |
| ۵۷ | دسترخوان یا کھانے کی چیز اٹھاتے وقت کی دعاء | // |
| ۵۸ | افطار کے وقت کی دعاء | // |
| ۵۹ | دودھ پینے کی دعاء | ۳۷ |
| ٦۰ | گھر میں داخل ہونے کی دعاء | // |
| ٦۱ | گھر سے نکلنے کی دعاء | // |
| ٦۲ | کسی جگہ داخل ہونے کی دعاء | ۳۸ |
| ٦۳ | خالی گھر میں داخل ہونے کی دعاء | // |
| ٦۴ | بیتُ الخلاء جانے کی دعاء | // |
| ٦۵ | بیتُ الخلاء سے نکلنے کی دعاء | ۳۹ |
| ٦٦ | کپڑے پہننے کی دعاء | // |
| ٦۷ | جسم سے کپڑے اتارتے وقت کی دعاء | ۴۰ |
| ٦۸ | بازار میں داخل ہونے کی دعاء | // |
| ٦۹ | کسی کو رخصت کرنے کی دعاء | // |
| ۷۰ | سوار ہونے کی دعاء | ۴۱ |


Idara Ghufran

| | | |
|---|---|---|
| ۷۱ | سفر سے واپسی کی دعاء | ۴۱ |
| ۷۲ | گرنے یا حادثہ کے خطرہ کے وقت کی دعاء | // |
| ۷۳ | اوپر چڑھتے وقت کی دعاء | ۴۲ |
| ۷۴ | نیچے اُترتے وقت کی دعاء | // |
| ۷۵ | برتن ڈھانکنے اور دروازہ بند کرنے کی دعاء | // |
| ۷۶ | مرغ کی اذان سننے کے وقت کی دعاء | // |
| ۷۷ | گدھے اور کتے کی آواز سننے کے وقت کی دعاء | ۴۳ |
| ۷۸ | وضو شروع کرنے کی دعاء | // |
| ۷۹ | وضو کے درمیان کی دعاء | // |
| ۸۰ | وضو کے بعد کی دعاء | ۴۴ |
| ۸۱ | اذان کے کلمات | // |
| ۸۲ | اقامت کے کلمات | ۴۵ |
| ۸۳ | اذان کے بعد کی دعاء | ۴۶ |
| ۸۴ | اذان کا جواب کن الفاظ میں دیں؟ | ۴۷ |
| ۸۵ | مسجد میں داخل ہونے کی دعاء | // |
| ۸۶ | مسجد سے نکلنے کی دعاء | // |
| ۸۷ | نماز شروع کرنے کی دعاء | ۴۸ |
| ۸۸ | سورہ فاتحہ پڑھنے اور دعاء کرنے کے بعد کی دعاء | // |
| ۸۹ | رکوع کی دعاء | // |


Idara Ghufran

| | | |
|---|---|---|
| ۹۰ | سجدہ کی دعاء | ۴۸ |
| ۹۱ | رکوع سے اٹھنے کی دعاء | ۴۹ |
| ۹۲ | رکوع سے اٹھنے کے بعد کی دعاء | // |
| ۹۳ | دونوں سجدوں کے درمیان کی دعاء | // |
| ۹۴ | نماز کے تشہد کی دعاء | ۵۰ |
| ۹۵ | درودِ ابراہیمی | // |
| ۹۶ | نماز کے آخری قعدہ کی دعاء | ۵۱ |
| ۹۷ | نماز ختم کرنے کی دعاء | ۵۲ |
| ۹۸ | نماز کے بعد کی دعاء | // |
| ۹۹ | فجر کی نماز کے بعد کی دعاء | // |
| ۱۰۰ | وتر کی نماز کی دعائے قنوت | ۵۳ |
| ۱۰۱ | استخارہ کی دعاء | ۵۴ |
| ۱۰۲ | نمازِ جنازہ کی دعاء | ۵۶ |
| ۱۰۳ | نابالغ بچہ کی نمازِ جنازہ کی دعاء | // |
| ۱۰۴ | بچہ کی پیدائش ہونے پر دی جانے والی دعاء | ۵۷ |
| ۱۰۵ | نکاح کی مبارک باد کی دعاء | ۵۸ |
| ۱۰۶ | بیمار پُرسی کے وقت کی دعاء | // |
| ۱۰۷ | کسی کے فوت ہوجانے کے وقت کی دعاء | // |
| ۱۰۸ | قبرستان میں داخل ہونے کی دعاء | ۵۹ |

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰۹ | میت کو قبر میں رکھتے وقت کی دعاء | ۵۹ |
| ۱۱۰ | فوتید گی پر تعزیت کرنے کی دعاء | ″ |
| ۱۱۱ | کسی کو مصیبت میں دیکھنے کے وقت کی دعاء | ۶۰ |
| ۱۱۲ | ہوا چلنے کے وقت کی دعاء | ″ |
| ۱۱۳ | تیز ہوا اور آندھی کے وقت کی دعاء | ۶۱ |
| ۱۱۴ | بارش طلب کرنے کی دعاء | ″ |
| ۱۱۵ | بارش شروع ہونے کے وقت کی دعاء | ″ |
| ۱۱۶ | زیادہ بارش ہونے کے وقت کی دعاء | ″ |
| ۱۱۷ | بادل گرجنے کی آواز سننے کے وقت کی دعاء | ۶۲ |
| ۱۱۸ | چاند دیکھنے کے وقت کی دعاء | ″ |
| ۱۱۹ | جانور ذبح کرتے وقت کی دعاء | ″ |
| ۱۲۰ | عید کی مبارک باد دینے کی دعاء | ۶۳ |
| ۱۲۱ | لیلۃُ القدر کی دعاء | ″ |
| ۱۲۲ | کشمکش پیش آنے کے وقت کی دعاء | ″ |
| ۱۲۳ | اچھے اخلاق کی دعاء | ″ |
| ۱۲۴ | بُرے اخلاق سے بچنے کی دعاء | ۶۴ |
| ۱۲۵ | سیدُ الاستغفار | ″ |
| ۱۲۶ | عظیمُ الشان تسبیح | ۶۵ |



Idara Ghufran

| | | |
|---|---|---|
| ۱۲۷ | (دوسرا حصہ) | ۶۷ |
| ۱۲۸ | مشکلات سے نجات کی دعاء | // |
| ۱۲۹ | گناہوں سے توبہ کی دعاء | // |
| ۱۳۰ | نیک عمل کی قبولیت کی دعاء | // |
| ۱۳۱ | ظلم اور گناہ سے معافی کی دعاء | ۶۸ |
| ۱۳۲ | شہر میں امن اور بت پرستی سے بچنے کی دعاء | // |
| ۱۳۳ | مغلوب ہونے کے وقت کی دعاء | // |
| ۱۳۴ | ظالم اور کافر لوگوں کے شر سے بچنے کی دعاء | ۶۹ |
| ۱۳۵ | ظالم لوگوں سے نجات کی دعاء | // |
| ۱۳۶ | شریر لوگوں کے شر سے بچنے کی دعاء | // |
| ۱۳۷ | نیک اولاد حاصل ہونے کی دعاء | // |
| ۱۳۸ | اولاد اور اچھے ساتھی کو پانے کی دعاء | ۷۰ |
| ۱۳۹ | نماز کی پابندی اور والدین کی مغفرت کی دعاء | // |
| ۱۴۰ | اپنے اور اپنے والدین اور مومنوں کی مغفرت کی دعاء | // |
| ۱۴۱ | کام کے صحیح ہونے کی دعاء | ۷۱ |
| ۱۴۲ | بُرے خیالات اور شیطانی جادو سے بچنے کی دعاء | // |
| ۱۴۳ | مغفرت وتوبہ کی دعاء | // |
| ۱۴۴ | ذکر، شکر اور اچھی عبادت کی توفیق کی دعاء | ۷۲ |
| ۱۴۵ | مفید علم حاصل ہونے کی دعاء | // |

| | | |
|---|---|---|
| ۱۴۶ | دِلوں کو نیکی کی طرف پھیرنے کی دعاء | ۷۳ |
| ۱۴۷ | اچھے انجام اور دنیا وآخرت کی رسوائی سے بچنے کی دعاء | // |
| ۱۴۸ | بُرے وقت اور بُرے ساتھی و پڑوسی سے بچنے کی دعاء | // |
| ۱۴۹ | سستی، بزدلی اور بخل وغیرہ سے بچنے کی دعاء | ۷۴ |
| ۱۵۰ | دجّال کے شر سے بچنے کی دعاء | // |
| ۱۵۱ | مشکل کام کو آسان اور غم کو ہلکا کرنے کی دعاء | ۷۵ |
| ۱۵۲ | زمین میں برکت اور رونق کی دعاء | // |
| ۱۵۳ | رنج وغم کے وقت کی دعاء | // |
| ۱۵۴ | مصیبت کو راحت سے بدلنے کی دعاء | ۷۶ |
| ۱۵۵ | زندگی سے مایوس ہونے کے وقت کی دعاء | // |
| ۱۵۶ | گمراہ کن فتنوں سے بچنے کی دعاء | ۷۷ |
| ۱۵۷ | ظالموں اور دشمنوں کے شر سے بچنے کی دعاء | // |
| ۱۵۸ | باہمی اختلاف سے بچنے کی دعاء | // |
| ۱۵۹ | اعضاء کے شر سے بچنے کی دعاء | ۷۸ |
| ۱۶۰ | مالداری اور غربت کے شر سے بچنے کی دعاء | // |
| ۱۶۱ | قرض کی ادائیگی کے لئے دعاء | // |
| ۱۶۲ | قرض سے نجات کی دعاء | ۷۹ |
| ۱۶۳ | فقر وفاقہ اور ظالم ومظلوم بننے سے بچنے کی دعاء | // |
| ۱۶۴ | ذلت، رسوائی اور فقر وفاقہ سے بچنے کی دعاء | // |
| ۱۶۵ | بھوک اور خیانت سے بچنے کی دعاء | ۸۰ |

| | | |
|---|---|---|
| ۱۶۶ | نظر لگنے سے حفاظت کی دعاء | ۸۰ |
| ۱۶۷ | نظر لگنے پر دَم کرنے کی دعاء | ۸۱ |
| ۱۶۸ | بیمار پر دَم کرنے کی دعاء | ″ |
| ۱۶۹ | درد کی شفایابی کی دعاء | ″ |
| ۱۷۰ | گم شدہ چیز واپس ملنے کی دعاء | ۸۲ |
| ۱۷۱ | نکاح کے بعد شوہر کو بیوی کے متعلق کرنے کی دعاء | ″ |
| ۱۷۲ | فوت ہونے کے وقت کی دعاء | ۸۳ |
| ۱۷۳ | بڑھاپے میں کثرت سے پڑھنے کی دعاء | ″ |
| ۱۷۴ | جو فوت ہونے کے قریب ہو، اس کے پاس پڑھنے کی دعاء | ″ |
| ۱۷۵ | حکمران کے ظلم و شر سے بچنے کی دعاء | ″ |
| ۱۷۶ | نمازِ وتر کی دعائے قنوت | ۸۴ |
| ۱۷۷ | احرام شروع کرنے کی دعاء | ۸۶ |
| ۱۷۸ | طواف کے دوران کی دعاء | ″ |
| ۱۷۹ | سعی کے لئے جانے کے وقت کی دعاء | ۸۷ |
| ۱۸۰ | صفا اور مروہ کی دعاء | ″ |
| ۱۸۱ | میدانِ عرفات کی دعاء | ۸۸ |
| ۱۸۲ | جمرات کی رمی کرتے وقت کی دعاء | ۸۹ |
| ۱۸۳ | حجرِ اسود کے استلام کے وقت کی دعاء | ″ |
| ۱۸۴ | بدفالی و بدشگونی سے حفاظت کی دعاء | ۹۰ |
| ۱۸۵ | زوجہ سے صحبت کے وقت کی دعاء | ″ |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تمہید

**(از مؤلف)**

دعاء عبادات کا مغز اور جوہر ہے، اور قرآن مجید میں مذکور اور اسی طرح سے احادیث میں منقول مختلف اوقات، حالات اور حاجات کی مسنون دعائیں انتہائی قیمتی اور عالیشان ہیں، جن کو اپنی زندگی کا معمول بنانے سے انسان ہمہ وقت اللہ کی رحمت و برکت اور مدد و نصرت میں رہتا ہے، اور تکلیف و مصیبت سے نجات پا کر راحت و سکون کی زندگی بسر کرتا ہے۔

اس کے علاوہ بعض دعائیں اور قرآنی سورتیں ایسی بھی ہیں کہ جو ایمان کی حفاظت اور شرک سے نجات کے لئے بہت تاثیر رکھتی ہیں، معتبر احادیث میں ان کی اس تاثیر کا ذکر آیا ہے۔

ان دعاؤں کو ہر مسلمان کو یاد کرنا چاہئے اور بچوں کو بھی ابتداء سے ہی ان کو یاد کرانے اور پھر معمول بنانے کا اہتمام کرانا چاہئے۔

بندہ نے ''مسنون اذکار اور دعاؤں کے فضائل واحکام'' کے عنوان سے ایک مفصّل ومدلّل کتاب مرتب کی تو بعض احباب کی خواہش ہوئی کہ ابتدائی درجہ کے چھوٹے بچوں کے لئے خواہ وہ سکول میں تعلیم حاصل کرتے ہوں یا کسی مکتب میں، یا پھر عام بالغ مرد یا خواتین ہوں، جن کو یہ قرآنی اور مسنون دعائیں یاد نہیں، ان سب کے لئے اس مفصّل ومدلّل کتاب کا خلاصہ نکال کر الگ سے کتابچہ کی صورت میں شائع کیا جائے، تو بہت بہتر ہوگا۔

چنانچہ اس ضرورت کے لئے بندہ نے اپنی مفصّل ومدلّل کتاب کے مجموعہ سے ایک مختصر خلاصہ تیار کیا، جو کہ ''مختصر مسنون دعائیں'' کے نام سے شائع کیا جا رہا ہے۔

مسنون دعاؤں سے متعلق اس مختصر کتابچہ کی چند خصوصیات وفوائد مندرجہ ذیل ہیں:

(۱)...... اس کتابچہ میں قرآنی اور مسنون اہم اور ضروری اذکار اور دعاؤں کو ہی

شامل کیا گیا ہے، تاکہ یاد کرنے میں آسانی رہے۔ [۱]

(۲)......اس کتابچہ میں یاد کرنے کی سہولت کے لئے ہر موقع کی مختصر مگر مستند دعاء کو شامل کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

(۳)......اس کتابچہ کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے، پہلے حصے میں ان دعاؤں کو شامل کیا گیا ہے جن کی ضرورت زیادہ اور کثرت سے پیش آتی ہے، تاکہ مختصر وقت میں یاد کرنے اور کرانے میں آسانی رہے، اور کوئی مزید اضافی دعائیں یاد کرنا چاہتا ہے، تو دوسرے حصہ سے استفادہ کرے۔

(۴)......اس کتابچہ میں قرآن وسنت کی معتبر ومستند دعاؤں کو جمع کیا گیا ہے، اور بہت سی دیگر کتب میں منقول غیر معتبر یا کمزور سند سے مروی دعاؤں سے حتی الامکان اجتناب کیا گیا ہے، خواہ وہ معروف ومشہور کیوں نہ ہوں۔

(۵)......ایمانیات سے متعلق قرآنی اور مسنون اذکار وکلمات اور دعاؤں کو ذکر کیا گیا ہے، جو ایمان مجمل ومفصل اور شش کلمات کے متبادل ہیں۔ [۲]

(۶)......اس کتابچہ کے اختصار کے پیش نظر حوالہ جات وحواشی کو شامل نہیں کیا گیا، البتہ ضروری حوالہ جات کو باقی رکھا گیا ہے یا حواشی میں وضاحتی عبارات شامل کی گئی ہیں۔

مکمل حوالہ جات کے لئے بندہ کی مفصل ومدلل کتاب ”مسنون اذکار اور دعاؤں کے فضائل واحکام“ کی طرف رجوع کیا جاسکتا ہے۔ فقط۔ محمد رضوان۔

۳۰/صفر المظفر/۱۴۳۶ھ 23/دسمبر/2014ء بروز منگل ادارہ غفران، راولپنڈی، پاکستان

---

[۱] اضافی طور پر کوئی ترجمہ بھی یاد کرے، تو بہت اچھا ہے، ورنہ صرف ایک مرتبہ ترجمہ پڑھنا بھی کافی ہے، ترجمہ کا زبانی یاد کرنا ضروری نہیں۔ محمد رضوان۔

[۲] ملحوظ رہے کہ بعض اہلِ علم حضرات نے قرآن وسنت کی تعلیمات سے اخذ کر کے عربی میں بعض کلمات کو جمع کیا تھا، اور ان کو ایمان مجمل ومفصل اور شش کلمات وغیرہ کا عنوان دیا تھا، لیکن ان میں سے بیشتر کلمات بعینہٖ ان الفاظ میں ایک ہی جگہ قرآن وسنت میں نہیں ملتے، جس کی وجہ سے بہت سے لوگوں کو شکوک وشبہات پیش آتے ہیں، ہم نے ان کلمات کے متبادل مقاصد والے کلمات اور دعاؤں کو قرآن وسنت کے الفاظ وتعبیرات میں باحوالہ جمع کیا ہے۔ محمد رضوان۔

(پہلا حصہ)

## اللہ کی مدد اور ہدایت حاصل کرنے کے لئے سورہ فاتحہ پڑھیں

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعَالَمِیۡنَ .اَلرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ.مَالِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ. اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ.اِھۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ.صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡھِمۡ غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡھِمۡ وَلَا الضَّآلِّیۡنَ.

ترجمہ: شروع اللہ کے نام سے جو رحمان ہے، رحیم ہے۔
ہر تعریف اس اللہ کے لئے ہے، جو عالمین کا رب ہے۔ رحمان ہے، رحیم ہے۔ مالک ہے بدلہ کے دن کا۔ آپ ہی کی ہم عبادت کرتے ہیں اور آپ ہی سے ہم مدد چاہتے ہیں۔ ہدایت دے دیجئے ہمیں صراطِ مستقیم کی۔ ان لوگوں کے راستہ کی کہ انعام کیا آپ نے ان پر۔ نہ ان لوگوں کے راستہ کی جن پر غضب نازل کیا گیا اور نہ گمراہ لوگوں کے راستہ کی (القرآن)

## شرک سے حفاظت کے لئے سورہ کافرون پڑھیں

قُلۡ یٰۤاَیُّھَا الۡکٰفِرُوۡنَ. لَآ اَعۡبُدُ مَا تَعۡبُدُوۡنَ. وَلَآ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَآ اَعۡبُدُ. وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدۡتُّمۡ. وَلَآ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَآ اَعۡبُدُ. لَکُمۡ دِیۡنُکُمۡ وَلِیَ دِیۡنِ.

ترجمہ: کہہ دیجئے کہ اے کافرو! نہیں عبادت کرتا میں ان چیزوں کی، جن کی تم عبادت کرتے ہو، اور نہ تم عبادت کرتے ہو اس کی جس کی میں عبادت کرتا ہوں، اور نہ میں عبادت کروں گا ان چیزوں کی جن کی تم عبادت کرتے ہو، اور نہ تم عبادت کرو گے اس کی جس کی میں عبادت کرتا ہوں، تمہارے لئے تمہارا دین ہے، اور میرے لئے میرا دین ہے (القرآن) ۱؎

## اللہ پر ایمان لانے کے لئے سورہ اخلاص پڑھیں

**قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ. اَللّٰهُ الصَّمَدُ. لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ. وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ.**

ترجمہ: کہہ دیجئے کہ وہ اللہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، اس کے اولاد نہیں، اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے، اور نہ کوئی اس کے برابر کا ہے (القرآن) ۲؎

---

۱؎ عن مهاجر أبي الحسن، عن شيخ أدرك النبي صلى الله عليه وسلم قال :خرجت مع النبي صلى الله عليه وسلم في سفر فمر برجل يقرأ :قل يا أيها الكافرون، قال " :أما هذا فقد برء من الشرك "، قال :وإذا آخر يقرأ :قل هو الله أحد، فقال النبي صلى الله عليه وسلم " :بها وجبت له الجنة "(مسند احمد، رقم الحديث ۱۶۶۰۵)

قال شعيب الارنؤوط:حديث صحيح( حاشية مسند احمد)

عن فروة بن نوفل، أنه أتى النبي صلى الله عليه وسلم فقال :يا رسول الله علمني شيئا أقوله إذا أويت إلى فراشي، قال " :اقرأ :قل يا أيها الكافرون فإنها براء ة من الشرك (سنن الترمذي، رقم الحديث ۳۴۰۳)

۲؎ عن جابر بن عبد الله، أن رجلا قام فركع ركعتي الفجر، فقرأ في الركعة الأولى : (قل يا أيها الكافرون) حتى انقضت السورة، فقال النبي صلى الله عليه وسلم :هذا عبد عرف ربه ، وقرأ في الآخرة :(قل هو الله أحد) حتى انقضت السورة، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم :هذا عبد آمن بربه (صحيح ابن حبان ،رقم الحديث ۲۴۶۰)

قال شعيب الارنؤوط:إسناده قوي(حاشية ابن حبان)

عن مهاجر الصائغ، عن رجل ـ لم يسمه ـ من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم، أنه سمع رجلا ـ يعني النبي صلى الله عليه وسلم ـ يقرأ :قل يا أيها الكافرون، قال " :أما

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

## جادو اور نظرِ بد سے بچنے کے لئے سورہ فلق پڑھیں

قُلُ اَعُوُذُ بِرَبِّ الُفَلَقِ . مِنُ شَرِّ مَا خَلَق . وَمِنُ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ. وَمِنُ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الُعُقَدِ. وَمِنُ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ.

ترجمہ: کہہ دیجئے کہ میں پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں صبح کے رب کے ذریعہ، ان چیزوں کے شر سے جو اس نے پیدا کیں، اور اندھیری رات کے شر سے جب وہ آجائے، اور گرہوں پر پڑھ پڑھ کر پھونکنے والیوں (یعنی جادو کرنے والوں) کے شر سے، اور حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے (القرآن)

## انسانوں اور جنوں کے شر سے بچنے کے لئے سورہ ناس پڑھیں

قُلُ اَعُوُذُ بِرَبِّ النَّاسِ . مَلِکِ النَّاسِ . اِلٰهِ النَّاسِ . مِنُ شَرِّ الُوَسُوَاسِ الُخَنَّاسِ . الَّذِیُ یُوَسُوِسُ فِیُ صُدُوُرِ النَّاسِ . مِنَ الُجِنَّةِ وَالنَّاسِ.

ترجمہ: کہہ دیجئے کہ میں پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں لوگوں کے رب کے ذریعہ، لوگوں کے بادشاہ کے ذریعہ، لوگوں کے معبود کے ذریعہ، وسوسے ڈالنے والے، پیچھے پڑجانے والے کے شر سے، جو وسوسے ڈالتا ہے لوگوں کے دلوں میں، خواہ وہ جن ہو یا انسان (القرآن)

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾ هذا فقد برء من الشرک "، وسمع آخر یقرأ: قل هو الله أحد فقال " :أما هذا فقد غفر له " (مسند احمد، رقم الحدیث ۱۶۶۱۷)
قال شعیب الارنؤوط: حدیث صحیح (حاشیة مسند احمد)

# اللہ کی کتاب اور اللہ کے رب ہونے پر ایمان لانے کی دعاء

اللہ کی کتاب اور اللہ کے رب ہونے پر ایمان لانے کی دعاء اس طرح پڑھیں:

آمَنْتُ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ مِنْ كِتَابٍ وَّأُمِرْتُ لِأَعْدِلَ بَيْنَكُمْ . اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ

ترجمہ: ایمان لایا میں اس پر جو اللہ نے کتاب نازل کی، اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں انصاف کروں تمہارے درمیان، اللہ میرا رب ہے، اور تمہارا رب ہے۔ [1]

# اللہ اور دوسری چیزوں پر ایمان لانے کی دعاء

اللہ اور دوسری چیزوں پر ایمان لانے کی دعاء اس طرح پڑھیں:

آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَمَلَائِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ

ترجمہ: میں ایمان لایا اللہ پر، اور اس کے فرشتوں پر، اور اس کی کتابوں پر، اور اس کے رسولوں پر، اور آخرت کے دن پر۔ [2]

# شرک سے نجات والی دعاء

شرک سے نجات کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

هُوَ رَبِّىْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ مَتَابِ

---

[1] یہ قرآنی دعاء ایمان مجمل کا متبادل ہے۔
وَقُلْ آمَنْتُ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ مِنْ كِتَابٍ وَّأُمِرْتُ لِأَعْدِلَ بَيْنَكُمْ اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ (الشورىٰ، الآية ۱۵)

[2] یہ دعاء ایمان مفصل کا متبادل ہے، اور تقدیر پر ایمان لانا اللہ پر ایمان لانے میں اور بعد الموت پر ایمان لانا آخرت پر ایمان لانے میں داخل ہے "لن تؤمن بالله حتى تؤمن بالقدر خيره وشره" (السنۃ لابنِ ابی عاصم، رقم الحدیث ۱۱۱)
يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا آمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَالْكِتَابِ الَّذِى نَزَّلَ عَلَى رَسُولِهِ وَالْكِتَابِ الَّذِى أَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ وَمَنْ يَكْفُرْ بِاللَّهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالًا بَعِيدًا (النسآء، الآية ۱۳۶)
قال النبى صلى الله عليه وسلم: آمنت بالله وملائكته وكتبه ورسله واليوم الآخر (سنن الترمذى، رقم الحديث ۲۲۴۷) قال الترمذى: هذا حديث حسن.

ترجمہ: وہی ہے میرا رب، نہیں ہے کوئی معبود سوائے اس کے، اسی پر بھروسہ کیا میں نے، اور اسی کی طرف لوٹنے کا ٹھکانہ ہے (القرآن)

## صبر اور اسلام پر خاتمہ کی دعاء

صبر اور اسلام پر خاتمہ کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ

ترجمہ: اے ہمارے رب! اُنڈیل دیجئے آپ ہم پر صبر کو، اور وفات دیجئے ہمیں مسلم ہونے کی حالت میں (القرآن)

## شیطان کے حملہ سے بچنے کی دعاء

شیطان کے حملہ سے بچنے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

رَبِّ أَعُوْذُ بِکَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ . وَأَعُوْذُ بِکَ رَبِّ أَنْ يَّحْضُرُوْنِ

ترجمہ: اے میرے رب! میں تیری پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، شیطانوں کے وسوسوں سے اور میں تیری پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، اے میرے رب! اس بات سے کہ وہ (شیاطین) میرے پاس حاضر ہوں (القرآن)

## کلمۂ تہلیل اور افضل ذکر

کلمۂ تہلیل اور افضل ذکر، جو اللہ کی شرک سے پاکی بیان کرتا ہے، اور اس کو کلمۂ توحید بھی کہا جاتا ہے، یہ ہے:

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ

ترجمہ: اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں۔ ل

# کلمۂ شہادت

کلمۂ شہادت جو شرک سے بچاتا اور مومن بناتا ہے، یہ ہے:

أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ. وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُـهٗ

ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں، اور بے شک محمد اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ ۲

---

ل ملحوظ رہے کہ نفسِ کلمۂ تہلیل میں احادیث میں ''محمد رسول اللہ'' کا اضافہ نہیں ملتا، کیونکہ یہ کلمہ اس فرد کے لئے بھی ہے کہ جس کو رسالت کی دعوت نہ پہنچی ہو، اور یہ کلمہ ہر امت میں مشترک رہا ہے، نیز یہاں کلمۂ تہلیل سے مراد وہ کلمہ ہے، جو افضل ذکر ہے، البتہ کلمۂ شہادت میں (جو کہ عقیدہ کا ترجمان ہے) رسالت کا ذکر ملتا ہے، جیسا کہ آگے آتا ہے، ہم نے بھی احادیث کی اتباع میں یہی طرزِ عمل اختیار کیا ہے۔ محمد رضوان۔

عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال :یخرج من النار من قال لا إله إلا الله، وفی قلبه وزن شعیرة من خیر، ویخرج من النار من قال لا إله إلا الله، وفی قلبه وزن برة من خیر، ویخرج من النار من قال لا إله إلا الله، وفی قلبه وزن ذرة من خیر(بخاری، رقم الحدیث ۴۲)

عن أبی هریرة قال :قال رسول الله صلی الله علیه وسلم :ما قال عبد لا إله إلا الله قط مخلصا، إلا فتحت له أبواب السماء ، حتی تفضی إلی العرش، ما اجتنب الکبائر :هذا حدیث حسن غریب من هذا الوجه(ترمذی، رقم الحدیث ۳۵۹۰)

سمعت جابر بن عبد الله یقول :سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول :أفضل الذکر لا إله إلا الله، وأفضل الدعاء الحمد لله(سنن ابن ماجه، رقم الحدیث ۳۸۰۰،باب فضل الحامدین)

قال شعیب الارنؤوط:إسناده حسن(حاشیة ابنِ ماجه)

عن أبی ذر، قال :قلت :یا رسول الله، أوصنی .قال" :إذا عملت سیئة فأتبعها حسنة تمحها ."قال: قلت :یا رسول الله، أمن الحسنات لا إله إلا الله؟ قال" :هی أفضل الحسنات (مسند الإمام أحمد، رقم الحدیث ۲۱۴۸۷)

قال شعیب الارنؤوط:حسن لغیره(حاشیة مسند احمد)

وَمَا أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِکَ مِنْ رَسُولٍ إِلَّا نُوحِی إِلَیْهِ أَنَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنَا فَاعْبُدُونِ (سورة الانبیاء، رقم الآیة ۲۵)

۲ عبد الله بن عمرو بن العاص، یقول :قال رسول الله صلی الله علیه وسلم " :إن الله عز وجل یستخلص رجلا من أمتی علی رء وس الخلائق یوم القیامة، فینشر علیه

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

# کلماتِ باقیاتُ الصالحات

کلماتِ باقیاتُ الصالحات (یعنی باقی رہنے والے کلمات) جن کا ثواب بہت زیادہ ہے، اور

﴿ گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ ﴾

تسعة وتسعين سجلا، كل سجل مد البصر، ثم يقول له: أتنكر من هذا شيئا؟ أظلمتك كتبتى الحافظون؟ قال :لا، يا رب، فيقول :ألك عذر، أو حسنة؟ فيبهت الرجل، فيقول :لا، يا رب، فيقول :بلى، إن لك عندنا حسنة واحدة، لا ظلم اليوم عليك، فتخرج له بطاقة، فيها :أشهد أن لا إله إلا الله، وأن محمدا عبده ورسوله ، فيقول : أحضروه، فيقول :يا رب، ما هذه البطاقة مع هذه السجلات؟ فيقال :إنك لا تظلم "، قال " :فتوضع السجلات فى كفة "، قال " :فطاشت السجلات، وثقلت البطاقة، ولا يثقل شىء بسم الله الرحمن الرحيم (مسند احمد، رقم الحديث ٦٤٤٩)

قال شعيب الارنؤوط:إسناده قوى(حاشية مسند احمد)

عن يوسف بن عبد الله بن سلام، عن أبيه، قال :بينما نحن نسير مع رسول الله صلى الله عليه وسلم إذ سمع القوم وهم يقولون :أى الأعمال أفضل يا رسول الله؟ فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم " :إيمان بالله ورسوله، وجهاد فى سبيل الله، وحج مبرور "ثم سمع نداء فى الوادى يقول :أشهد أن لا إله إلا الله، وأن محمدا رسول الله، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم " :وأنا أشهد، وأشهد أن لا يشهد بها أحد إلا برء من الشرك "(مسند احمد، رقم الحديث ٢٣٧٨٣)

قال شعيب الارنؤوط:صحيح لغيره(حاشية مسند احمد)

عن يوسف بن عبد الله بن سلام عن أبيه قال :بينما نحن مع رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا سمع القوم وهم يقولون :أى الأعمال أفضل يا رسول الله؟ قال رسول الله صلى الله عليه وسلم" :إيمان بالله ورسوله، وجهاد فى سبيله، وحج مبرور "ثم سمع نداء فى الوادى يقول :أشهد أن لا إله إلا الله، وأن محمدا رسول الله صلى الله عليه وسلم، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم" :وأنا أشهد، وأشهد لا يشهد بها أحد إلا برىء من الشرك(صحيح ابن حبان، رقم الحديث ٤٥٩٥)

قال شعيب الارنؤوط:إسناده قوى على شرط مسلم (حاشية ابنِ حبان)

عن ربيح بن عبد الرحمن بن أبى سعيد، عن أبيه، عن جده، قال :كنا مع النبى صلى الله عليه وسلم فى سفر، فسمع رجلا يقول:الله أكبر، الله أكبر، أشهد أن لا إله إلا الله، أشهد أن محمدا رسول الله، فقال :خرج من الشرك(مسند البزار، رقم الحديث ٣٥٩)

قال الهيثمي:رواه البزار، ورجاله ثقات(مجمع الزوائد، رقم الحديث ١٨٩٥)

وہ قرآن مجید کے بعد افضل کلام میں سے ہیں، یہ ہیں:

**سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلاَ إِلٰـہَ إِلاَّ اللّٰہُ وَاللّٰہُ أَکْبَرُ وَلاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّۃَ إِلاَّ بِاللّٰہِ**

ترجمہ: پاک ہے اللہ اور ہر تعریف اللہ کے لئے ہے، اور اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں، اور اللہ سب سے بڑا ہے، اور نہیں ہے کوئی نقل وحرکت اور قوت اللہ کے بغیر۔ [1]

## شیطان سے حفاظت، درجات کی بلندی، گناہوں کی معافی والا کلمہ

شیطان سے حفاظت، درجات کی بلندی اور گناہوں کی معافی والا کلمہ یہ ہے:

**لَا إِلٰہَ إِلاَّ اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ. لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ.**

---

[1] ملحوظ رہے کہ احادیث میں مذکورہ کلمات کو ''باقیات الصالحات'' کا نام دیا گیا ہے، ہم نے بھی احادیث کی اتباع میں ان کلمات کو یہی نام دیا ہے، اور معتبر و مستند احادیث میں اس موقع پر ''الا باللہ'' کے بعد ''العلی العظیم'' کا اضافہ نہیں ملتا، جیسا کہ مندرجہ ذیل احادیث سے معلوم ہوتا ہے۔ محمد رضوان۔

عن أبی سعید الخدری، عن رسول الله صلی الله علیه وسلم قال " :استكثروا من الباقيات الصالحات "قيل :وما هي يا رسول الله؟ قال " :الملة "، قيل :وما هي يا رسول الله؟ قال " :الملة "، قيل :وما هي يا رسول الله؟ قال " :التكبير، والتهليل، والتسبيح، والتحميد، ولا حول ولا قوة إلا بالله "(مسند احمد، رقم الحديث ۱۱۷۱۳)

قال شعيب الارنؤوط:حسن لغيره(حاشية مسند احمد)

عن عبد الله بن أبی أوفى، قال :جاء رجل إلى النبی -صلى الله عليه وسلم -فقال :إنی لا أستطيع أن آخذ من القرآن شيئا، فعلمنی ما يجزئنی منه .قال" :قل :سبحان الله، والحمد لله، ولا إله إلا الله، والله اكبر، ولا حول ولا قوة إلا بالله (سنن ابی داود، رقم الحديث ۸۳۲)

قال شعيب الارنوؤط: إسناده حسن فی المتابعات والشواهد (حاشية سنن ابی داوٗد)

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال :إن الله اختار لكم أفضل الكلام ليس من القرآن وهی من القرآن، لا إله إلا الله، والله أكبر، وسبحان الله، والحمد لله رب العالمين، ولا حول ولا قوة إلا بالله(مسند الشاميين، رقم الحديث ۲۳۸۲)

عن سمرة بن جندب، قال :قال رسول الله صلى الله عليه وسلم " :أفضل الكلام بعد القرآن -وهو من القرآن -أربع لا يضرك بأيهن بدأت :سبحان الله، والحمد لله، ولا إله إلا الله، والله أكبر(مسند احمد، رقم الحديث ۲۰۲۲۳)

قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح(حاشية مسند احمد)

بِيَدِهِ الْخَيْرُ. يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ. وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

ترجمہ: اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں، وہ تنہا ہے جس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لئے مُلک ہے، اور اسی کے لئے ہر تعریف ہے، اسی کے قبضہ میں خیر ہے، وہی زندہ کرتا ہے، اور وہی مارتا ہے، اور وہ ہر چیز پر پوری طرح قدرت رکھتا ہے۔

اس کو صبح اور شام دس مرتبہ اور ہو سکے تو دن میں سو مرتبہ پڑھنا بہت فضیلت رکھتا ہے۔[1]

## اللہ کی رضا اور جنت واجب کرانے والا کلمہ

اللہ کی رضا اور جنت واجب کرانے والا کلمہ یہ ہے، جسے صبح وشام پڑھنا چاہئے:

رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا. وَّبِالْإِسْلَامِ دِيْنًا. وَبِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيًّا

ترجمہ: میں اللہ کے رب ہونے پر اور اسلام کے دین ہونے پر اور محمد صلی اللہ علیہ

---

[1] اس موقع پر ''وھو حی لا یموت'' اور ''ابداً ابداً'' وغیرہ کا اضافہ صحیح احادیث میں نہیں ملتا، البتہ بعض احادیث میں ''بیدہ الخیر'' اور ''یحیی ویمیت'' کا اضافہ ہے، اور بعض میں نہیں ہے۔

عن عبد الرحمن بن غنم، عن النبی صلی الله علیه وسلم أنه قال " :من قال قبل أن ینصرف ویثنی رجله من صلاة المغرب، والصبح :لا إله إلا الله، وحده لا شریک له، له الملک وله الحمد، بیده الخیر، یحیی ویمیت، وهو علی کل شیء قدیر عشر مرات، کتب له بکل واحدة عشر حسنات، ومحیت عنه عشر سیئات، ورفع له عشر درجات، وکانت حرزا من کل مکروه، وحرزا من الشیطان الرجیم، ولم یحل لذنب یدرکه إلا الشرک، وکان من أفضل الناس عملا، إلا رجلا یفضله، یقول :أفضل مما قال "(مسند احمد، رقم الحدیث ۱۷۹۹۰)

قال شعیب الارنؤوط:حسن لغیره(حاشیة مسند احمد)

عن أبی هریرة، قال :قال رسول الله -صلی الله علیه وسلم " :-من قال فی یوم مئة مرة: لا إله إلا الله، وحده لا شریک له، له الملک وله الحمد، وهو علی کل شیء قدیر، کان له عدل عشر رقاب، وکتبت له مئة حسنة، ومحی عنه مئة سیئة، وکن له حرزا من الشیطان سائر یومه إلی اللیل، ولم یأت أحد بأفضل مما أتی به، إلا من قال أکثر "(سنن ابنِ ماجه، رقم الحدیث ۳۷۹۸)

قال شعیب الارنؤوط:إسناده صحیح(حاشیة سنن ابنِ ماجه)

وسلم کے نبی ہونے پر راضی (اور خوش) ہوں۔ ¹

## زبان پر ہلکا، میزان میں بھاری، رحمان کو محبوب کلمہ

زبان پر ہلکا، عمل کی ترازو میں بھاری اور رحمان کو محبوب کلمہ یہ ہے:

**سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ**

ترجمہ: پاک ہے اللہ اور اسی کی تعریف ہے، پاک ہے اللہ جو کہ عظیم ہے۔ ²

## دنیا اور آخرت کی بھلائی حاصل کرنے کی دعاء

دنیا وآخرت میں کی بھلائی حاصل کرنے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

**رَبَّنَا آتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ**

ترجمہ: اے ہمارے رب! عطا فرمایئے ہمیں دنیا میں بھلائی اور آخرت میں بھی بھلائی، اور بچایئے ہم کو آگ کے عذاب سے (القرآن)

## علم میں اضافہ کی دعاء

علم میں اضافہ کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

**رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا**

---

¹ عن أبی سلام، عن خادم النبی صلی اللہ علیہ وسلم،عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم أنہ قال ": من قال :رضیت باللہ ربا، وبالإسلام دینا، وبمحمد صلی اللہ علیہ وسلم نبیا، حین یمسی ثلاثا، وحین یصبح ثلاثا، کان حقا علی اللہ أن یرضیہ یوم القیامة ( مسند احمد، رقم الحدیث ١٨٩٦٨ )
قال شعیب الارنؤوط:حدیث صحیح لغیرہ(حاشیة مسند احمد)
حدثنی أبو ھانء الخولانی، أنہ سمع أبا علی الجنبی أنہ سمع أبا سعید الخدری، أن رسول اللہ - صلی اللہ علیہ وسلم -قال" :من قال رضیت باللہ ربا، وبا لإسلام دینا، وبمحمد رسولا، وجبت لہ الجنة "(ابو داؤد، رقم الحدیث ١٥٣١ )
قال شعیب الارنؤوط:اسنادہ صحیح(حاشیة سنن ابی داؤد)
² عن أبی ہریرة، قال :قال رسول اللہ ﷺ :کلمتان خفیفتان علی اللسان، ثقیلتان فی المیزان، حبیبتان إلی الرحمن، سبحان اللہ وبحمدہ، سبحان اللہ العظیم(بخاری، رقم الحدیث ٦٢٨٢ )

ترجمہ: اے میرے رب مجھے زیادہ فرمایئے علم کے اعتبار سے (القرآن)

## ذہن کے تیز اور زبان کی لکنت دور ہونے کی دعاء

ذہن کے تیز اور زبان کی لکنت دور ہونے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

**رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ. وَيَسِّرْ لِيْ أَمْرِيْ. وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ. يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ**

ترجمہ: اے میرے رب کھول دیجئے میرے لئے میرے سینہ کو، اور آسان کر دیجئے میرے لئے میرے معاملہ کو، اور کھول دیجئے گرہ کو میری زبان سے، تاکہ سمجھیں لوگ میری بات کو (القرآن)

## ہر کام میں کامیابی کی دعاء

ہر کام میں رحمت اور کامیابی کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

**رَبَّنَا آتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّءْ لَنَا مِنْ أَمْرِنَا رَشَدًا**

ترجمہ: اے ہمارے رب! عطا کر دیجئے ہم کو اپنے پاس سے رحمت، اور مہیا فرما دیجئے ہمارے لئے ہمارے معاملہ کی راہیابی کو (القرآن)

## اللہ سے مدد حاصل کرنے کی دعاء

اللہ سے مدد حاصل کرنے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

**حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ**

ترجمہ: کافی ہے ہمیں اللہ، اور وہ اچھا کارساز ہے (القرآن)

## روزی اور رزق میں برکت کی دعاء

روزی اور رزق میں برکت کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

رَبِّ إِنِّيْ لِمَا أَنزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ

ترجمہ: اے میرے رب! بے شک میں حاجت مند (محتاج) ہوں اس نعمت کے لئے، جو آپ نے نازل فرمائی میری طرف خیر و بھلائی کی (القرآن)

## بیماری سے شفاء پانے کی دعاء

بیماری سے شفاء پانے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

أَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ

ترجمہ: بے شک مجھے چھوا ہے، تکلیف نے، اور آپ رحم کرنے والوں میں سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے ہیں (القرآن)

## مصیبت و تکلیف پہنچنے کے وقت کی دعاء

جب کوئی مصیبت یا تکلیف پہنچے تو یہ دعاء پڑھیں:

إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ

ترجمہ: بے شک ہم اللہ ہی کے لئے ہیں، اور بے شک ہم اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں (القرآن)

## کوئی چیز پسند آنے کے وقت کی دعاء

جب کوئی چیز پسند آئے، تو یہ دعاء پڑھیں:

مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

ترجمہ: جواللہ چاہے، وہی ہوتا ہے، اور نہیں قوت ہے، مگر اللہ ہی کے ذریعہ (القرآن)

یا یہ دعاء پڑھیں:

بَارَکَ اللّٰہُ

ترجمہ: اللہ برکت عطا فرمائے۔

## مسلمان سے ملاقات کی دعاء

جب کسی مسلمان سے ملاقات ہو، تو یہ دعاء پڑھیں:

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ

ترجمہ: آپ پر سلامتی نازل ہو۔

اور اگر یہ دعاء پڑھیں، تو زیادہ اچھا ہے:

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ

ترجمہ: آپ پر سلامتی نازل ہو، اور اللہ کی رحمت بھی نازل ہو۔

اور اگر یہ دعاء پڑھیں تو اور بھی زیادہ اچھا ہے:

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ

ترجمہ: آپ پر سلامتی نازل ہو، اور اللہ کی رحمت بھی نازل ہو، اور اُس کی برکات بھی نازل ہوں (ترمذی)

## غیر مسلم سے ملاقات کے وقت کی دعاء

غیر مسلم سے ملاقات ہونے پر یہ دعاء پڑھیں:

اَلسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْھُدٰی



Idara Ghufran

ترجمہ: سلامتی ہو اس پر، جس نے ہدایت کی پیروی کی (بخاری)

## غیر مسلم کے سلام کے جواب کی دعاء

اگر غیر مسلم سلام کرے، تو اس کے جواب میں یہ دعاء پڑھیں:

وَعَلَيْكُمْ

ترجمہ: اور تم پر بھی (مسلم)

## خیریت معلوم کرنے والے کے جواب کی دعاء

جب کوئی خیریت معلوم کرے، تو اس کے جواب میں یہ دعاء پڑھیں:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

ترجمہ: سب تعریف اللہ کے لئے ہے۔

## حیرت و تعجب کے وقت کی دعاء

جب کوئی حیرت و تعجب کی بات سامنے آئے، تو یہ دعاء پڑھیں:

سُبْحَانَ اللّٰهِ

ترجمہ: پاک ہے اللہ (بخاری)

## اچھا برتاؤ کرنے والے کے لئے دعاء

کسی کے اچھا برتاؤ کرنے پر اس کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

جَزَاکَ اللّٰهُ خَيْرًا

ترجمہ: اللہ آپ کو اچھا بدلہ دے (ترمذی، ابنِ حبان)

## کام کرنے والے کے لئے دعاء

جب کوئی تمہارا کام کرے، تو اس کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰهُمَّ أَكْثِرْ مَالَهُ وَوَلَدَهُ. وَبَارِكْ لَهُ فِيمَا أَعْطَيْتَهُ**

ترجمہ: اے اللہ! اس کے مال اور اولاد میں کثرت فرما دیجئے، اور اس کو اپنی عطا کردہ نعمتوں میں برکت عطا فرما دیجئے (مسلم)

## کسی کام کا ارادہ ظاہر کرتے وقت کی دعاء

کسی کام کا ارادہ ظاہر کرتے وقت یہ دعاء پڑھیں:

**اِنْ شَاءَ اللّٰهُ**

ترجمہ: اگر اللہ نے چاہا (مسلم)

## چھینک آنے کی دعاء

جب کسی کو چھینک آئے، تو وہ یہ دعاء پڑھے:

**اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ**

ترجمہ: سب تعریف اللہ کے لئے ہے (بخاری)

یا یہ دعاء پڑھے:

**اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ**

ترجمہ: سب تعریف اللہ کے لئے ہے، ہر حالت پر (ابوداؤد)

Idara Ghufran

# چھینکنے والے کے جواب کی دعاء

جب دوسرے کو چھینک آئے، اور وہ ''الحمدللہ'' کہے، تو اس کے جواب میں یہ دعاء پڑھیں:

**يَرْحَمُكَ اللّٰهُ**

ترجمہ: اللہ آپ پر رحم کرے۔

اور جب چھینکنے والے کے الحمدللہ کے جواب میں دوسرا یرحمک اللہ کہے، تو چھینکنے والا اس کے جواب میں یہ دعاء پڑھے:

**يَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ**

ترجمہ: اللہ تمہیں ہدایت دے، اور تمہاری حالت کو اچھا کرے (بخاری، ترمذی)

اور اگر چھینکنے والا غیر مسلم ہو، تو اس کے جواب میں ''یرحمک اللہ'' کے بجائے یہ دعاء پڑھیں:

**يَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ**

ترجمہ: اللہ تمہیں ہدایت دے، اور تمہاری حالت کو اچھا کرے (ترمذی، مسند احمد)

# خلافِ منشاء نتیجہ سامنے آنے پر کی جانے والی دعاء

کوئی کام کرنے کے بعد خلافِ منشاء نتیجہ سامنے آنے پر یہ دعاء پڑھیں:

**قَدَرُ اللّٰهِ وَمَا شَاءَ فَعَلَ**

ترجمہ: اللہ کی تقدیر ہے، اور اللہ نے جو چاہا، وہی کر دیا (مسلم)

Idara Ghufran

# کسی کی طرف سے اپنی تعریف ہونے کے وقت کی دعاء

کسی کی طرف سے اپنی تعریف سامنے آئے، تو یہ دعاء پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ لَا تُؤَاخِذْنِیْ بِمَا یَقُوْلُوْنَ.

وَاغْفِرْ لِیْ مَا لَا یَعْلَمُوْنَ

ترجمہ: اے اللہ! آپ میری ان چیزوں پر پکڑ نہ کیجئے جو یہ لوگ کہتے ہیں، اور میرے ان گناہوں کو معاف کردیجئے، جو یہ نہیں جانتے (الادب المفرد)

# غصہ کے وقت کی دعاء

جب کسی بات پر غصہ آئے، تو یہ دعاء پڑھیں:

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ

ترجمہ: میں پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، اللہ کے ذریعہ شیطان مردُود سے (بخاری)

# قرآن کی تلاوت شروع کرنے کی دعاء

جب قرآن مجید کی تلاوت شروع کریں، تو یہ دعاء پڑھیں:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ترجمہ: میں پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، اللہ کے ذریعہ شیطان مردود سے۔
اللہ کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو رحمان ہے، رحیم ہے۔

## کوئی بات لکھتے وقت کی دعاء

جب کوئی بات لکھیں،تو یہ دعاء پڑھیں:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ترجمہ:اللہ کے نام سے جو رحمان ہے،رحیم ہے(مسلم)

## کسی جگہ پہنچنے کی دعاء

جب کسی جگہ پہنچیں تو یہ دعاء پڑھیں:

رَبِّ أَنۡزِلۡنِیۡ مُنۡزَلًا مُّبَارَکًا وَّأَنۡتَ خَیۡرُ الۡمُنۡزِلِیۡنَ

ترجمہ:اے میرے رب!نازل کیجئے،مجھ کو مبارک طریقہ پر نازل کرنا،اور آپ نازل کرنے والوں میں سب سے بہتر ہیں(القرآن)

## کسی جگہ سے اُٹھتے وقت کی دعاء

جب کسی جگہ سے اٹھیں،تو یہ دعاء پڑھیں:

سُبۡحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمۡدِکَ لَآ إِلٰـهَ إِلَّا أَنۡتَ أَسۡتَغۡفِرُکَ وَأَتُوۡبُ إِلَیۡکَ

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ کی تعریف کے ساتھ آپ کی پاکی بیان کرتا ہوں، آپ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، میں آپ سے مغفرت طلب کرتا ہوں،اور آپ کی طرف توبہ کرتا ہوں(ترمذی)

## ہر قسم کے نقصان سے بچنے کے لئے صبح اور شام کی دعاء

ہر قسم کے نقصان سے بچنے کے لئے صبح اور شام تین تین مرتبہ یہ دعاء پڑھا کریں:

**بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْأَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ. وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ**

ترجمہ: اللہ کے نام سے، جس کے نام کے ساتھ کوئی چیز بھی زمین میں اور آسمان میں ضرر نہیں پہنچا سکتی، اور وہ خوب سننے والا ہے، خوب جاننے والا ہے (مسند احمد)

## ہر نماز کے بعد اور سوتے وقت کی دعاء

ہر نماز کے بعد اور سوتے وقت یہ دعاء پڑھیں:

تینتیس مرتبہ سُبْحَانَ اللهِ، اور تینتیس مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، اور چونتیس مرتبہ اَللّٰهُ اَکْبَرُ (بخاری، نسائی)

## سوتے وقت کی دعاء

سوتے وقت یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰهُمَّ بِاسْمِکَ أَمُوْتُ وَأَحْیَا**

ترجمہ: اے اللہ آپ کے نام سے ہی میں فوت ہوتا ہوں اور زندہ ہوتا ہوں (بخاری)

## رات بھر ہر قسم کے نقصان سے بچنے کی دعاء

رات بھر ہر قسم کے نقصان سے بچنے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

**أَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ**

ترجمہ: میں پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں اللہ کے مکمل کلمات کے ذریعہ، اس کی ہر مخلوق کے شر سے (مسند احمد)

اور اگر کوئی زہریلی چیز کاٹ لے، تو اس پر بھی یہی دعاء پڑھ کر دم کریں۔

## برا خواب نظر آنے پر اس کے نقصان سے بچنے کی دعاء

جب کوئی بُرا خواب نظر آئے، تو اس کے نقصان سے بچنے کے لئے تین مرتبہ یہ دعاء پڑھیں:

**اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ**

ترجمہ: میں پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، اللہ کے ذریعہ شیطان مردُود سے (ابنِ ماجہ)

## سوکر اُٹھنے کی دعاء

سوکر اٹھنے کے بعد یہ دعاء پڑھیں:

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ أَحْیَانَا بَعْدَ مَآ أَمَاتَنَا وَإِلَیْہِ النُّشُوْرُ**

ترجمہ: ہر تعریف اس اللہ کے لئے ہے جس نے ہمیں ہمارے مرجانے کے بعد زندہ کیا، اور اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے (بخاری)

## کھانا شروع کرنے سے پہلے کی دعاء

کھانا شروع کرنے سے پہلے یہ دعاء پڑھیں:

**بِسْمِ اللّٰہِ**

ترجمہ: اللہ کے نام سے (شروع کرتا ہوں) (مسند احمد) [1]

---

[1] عن عبد الرحمن بن جبير، أنه حدثه رجل خدم رسول الله ﷺ ثمان سنين، أنه سمع النبی ﷺ إذا قرب إليه طعامه يقول " :بسم الله "(مسند احمد، رقم الحديث ١٦٥٩٥)

قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح(حاشية مسند احمد)

## کھانے کے دوران کی دعاء

اگر کھانے کے شروع میں ''بسم اللہ'' پڑھنا بھول جائیں، تو درمیان میں یاد آنے پر یہ دعاء پڑھیں:

بِسۡمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَآخِرَهٗ

ترجمہ: اللہ کے نام سے اس کے اول اور اس کے آخر میں (ابوداؤد)

## کھانے اور پینے کے بعد کی دعاء

کھانا کھانے اور کوئی چیز پینے کے بعد یہ دعاء پڑھیں:

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں (مسلم)

## کھانے کے بعد کی ایک اور دعاء

کھانا کھانے کے بعد ہو سکے تو یہ دعاء پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ بَارِكۡ لَنَا فِيۡهِ وَأَطۡعِمۡنَا خَيۡرًا مِّنۡهُ

ترجمہ: اے اللہ! ہمیں اس میں برکت عطا فرمایئے، اور ہمیں اس سے بہتر کھلایئے (ترمذی)

## دوسرے کا کھانا یا دعوت کھانے کے بعد کی دعاء

دوسرے کا کھانا یا دعوت کھانے کے بعد یہ دعاء پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ اَطۡعِمۡ مَنۡ اَطۡعَمَنِيۡ وَاسۡقِ مَنۡ سَقَانِيۡ

ترجمہ: اے اللہ! جس نے مجھے کھانا کھلایا، آپ اسے بھی کھلایئے، اور جس نے مجھے پلایا، آپ اسے بھی پلایئے (مسلم، مسند احمد)

## کھانا کھلانے والے کے سامنے کرنے کی دعاء

دوسرے کا کھانا یا دعوت کھانے کے بعد، اس کے سامنے یہ دعاء پڑھیں:

اَکَلَ طَعَامَکُمُ الْاَبْرَارُ. وَصَلَّتْ عَلَیْکُمُ الْمَلَائِکَۃُ. وَاَفْطَرَ عِنْدَکُمُ الصَّائِمُوْنَ

ترجمہ: (اللہ کرے کہ) تمہارا کھانا نیک لوگ کھائیں اور تمہارے لئے فرشتے رحمت کی دُعاء کریں اور تمہارے پاس روزہ دار افطار کریں (مسند احمد)

## دسترخوان یا کھانے کی چیز اٹھاتے وقت کی دعاء

کھانا کھا کر سامنے سے دسترخوان یا کھانے کی چیزیں اٹھانے کے وقت یہ دعاء پڑھیں:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ. غَيْرَ مَكْفِيٍّ وَّلَا مُوَدَّعٍ وَّلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ رَبَّنَا

ترجمہ: سب تعریف اللہ کے لئے ہے ایسی تعریف جو بہت زیادہ اور پاکیزہ ہے، جس میں برکت ہے، ایسی جو کبھی ختم اور رخصت نہ ہو، اور نہ اس کے بارے میں (ہماری طرف سے) بے پروائی ہو، اے ہمارے رب (بخاری)

## افطار کے وقت کی دعاء

روزہ افطار کرنے کے وقت یہ دعاء پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْتُ. وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ

ترجمہ: اے اللہ! میں نے آپ کے لئے روزہ رکھا، اور آپ کے رزق پر افطار کیا (ابوداؤد)

## دودھ پینے کی دعاء

دودھ پینے کے وقت یہ دعاء پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَافِیْہِ وَزِدْنَامِنْہُ

ترجمہ: یااللہ! اس میں ہمارے لئے برکت عطافرمایئے، اور ہمیں اس سے زیادہ عطافرمایئے (ابنِ ماجہ)

## گھر میں داخل ہونے کی دعاء

گھر میں داخل ہوتے وقت یہ دعاء پڑھیں:

بِسْمِ اللّٰہِ

ترجمہ: اللہ کے نام سے (گھر میں داخل ہوتا ہوں) (مسند احمد)

## گھر سے نکلنے کی دعاء

گھر سے نکلتے وقت یہ دعاء پڑھیں:

بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

ترجمہ: اللہ کے نام کے ساتھ، اللہ پر بھروسہ کیا میں نے، کوئی حرکت اور قوت اللہ کے بغیر نہیں ہوسکتی (ترمذی)

## کسی جگہ داخل ہونے کی دعاء

جب کسی جگہ داخل ہوں، تو یہ دعاء پڑھیں:

أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

ترجمہ: میں پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، اللہ کے مکمل کلمات کے ذریعہ، اس کی ہر مخلوق کے شر سے (مسلم)

## خالی گھر میں داخل ہونے کی دعاء

جب کسی خالی گھر یا جگہ میں داخل ہوں، تو یہ دعاء پڑھیں:

اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ

ترجمہ: ہم پر سلامتی نازل ہو اور اللہ کے نیک بندوں پر بھی (ابنِ ابی شیبہ)

## بیتُ الخلاء جانے کی دعاء

بیتُ الخلاء میں پیشاب، پاخانہ کے لئے جاتے وقت یہ دعاء پڑھیں:

بِسْمِ اللّٰهِ

ترجمہ: اللہ کے نام سے (داخل ہوتا ہوں) (ابنِ ماجہ، ترمذی)

اور بیتُ الخلاء میں جانے کی ایک اور دعاء یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ

ترجمہ: اے اللہ! میں خبیث شیاطین مَردوں اور عورتوں سے آپ کی پناہ (و حفاظت) چاہتا ہوں (بخاری)

# بیت الخلاء سے نکلنے کی دعاء

بیت الخلاء سے نکلنے کے بعد یہ دعاء پڑھیں:

**غُفُرَانَکَ**

ترجمہ: میں آپ سے مغفرت طلب کرتا ہوں (ابنِ ماجہ) [1]

# کپڑے پہننے کی دعاء

کپڑے پہنتے وقت یہ دعاء پڑھیں:

**اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ کَسَانِیْ هٰذَا وَرَزَقَنِیْهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ**

---

[1] اور بیت الخلاء سے نکلنے کے بعد کی ایک دعاء یہ مروی ہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَذْهَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ .

ترجمہ: میں مغفرت کا طالب ہوں، تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے مجھ سے تکلیف دہ چیز کو دور کر دیا اور مجھے سکون عطا کیا (ابنِ ماجہ)

مگر اس کی سند کو بعض حضرات نے کمزور قرار دیا ہے، لیکن اوپر والی دعاء کی سند حسن ہے۔

عن عائشة قالت : كان النبی صلی الله عليه وسلم إذا خرج من الخلاء ، قال : غفرانک (سنن الترمذی، رقم الحديث ۷، سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۳۰۰، باب ما يقول إذا خرج من الخلاء، مسند احمد، رقم الحديث ۲۵۲۲۰، ابوداوٗد، رقم الحديث ۳۰)

قال الترمذی: هذا حديث حسن غريب لا نعرفه إلا من حديث إسرائيل، عن يوسف بن أبی بردة . وأبو بردة بن أبی موسی، اسمه عامر بن عبد الله بن قيس الأشعری، ولا يعرف فی هذا الباب إلا حديث عائشة.

وقال شعيب الارنؤوط: اسناده حسن (حاشية ابنِ ماجه)

عن أنس بن مالک، قال : كان النبی ﷺ إذا خرج من الخلاء قال " :الحمد لله الذی أذهب عنی الأذی وعافانی" (سنن ابنِ ماجه، رقم الحديث ۳۰۱، باب ما يقول إذا خرج من الخلاء )

قال شعيب الارنؤوط: إسناده ضعيف إسماعيل بن مسلم وهو المكی متفق علی تضعيفه (حاشية ابنِ ماجه)

ترجمہ: ہر تعریف اس اللہ کے لئے ہے جس نے مجھے یہ پہنایا، اور میری کوشش اور طاقت کے بغیر مجھے اس کپڑے کی نعمت عطاء فرمائی (دارمی، ابویعلیٰ)

## جسم سے کپڑے اتارتے وقت کی دعاء

جسم سے کپڑے اتارتے وقت یہ دعاء پڑھیں:

**بِسْمِ اللّٰهِ**

ترجمہ: اللہ کے نام سے (کپڑے اتارتا ہوں) (طبرانی)

## بازار میں داخل ہونے کی دعاء

بازار میں داخل ہونے کے وقت یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَسْأَلُکَ مِنْ خَیْرِهَا وَخَیْرِ أَهْلِهَا، وَأَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ أَهْلِهَا**

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ سے اس (بازار) کے خیر اور یہاں کے لوگوں کے خیر کا سوال کرتا ہوں، اور میں آپ سے اس کے شر اور یہاں کے لوگوں کے شر سے پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں (طبرانی)

## کسی کو رخصت کرنے کی دعاء

کسی کو رخصت کرتے وقت یہ دعاء پڑھیں:

**أَسْتَوْدِعُکَ اللّٰهَ الَّذِیْ لَا تَضِیْعُ وَدَائِعُهٗ**

ترجمہ: میں آپ کو اس اللہ کے حوالہ کرتا ہوں کہ جس کے حوالہ کی جانے والی چیزیں ضائع نہیں ہوتیں (ابنِ ماجہ)



Idara Ghufran

## سوار ہونے کی دعاء

سوار ہونے کے وقت یہ دعاء پڑھیں:

**بِسْمِ اللّٰہِ**

ترجمہ: اللہ کے نام سے (سوار ہوتا ہوں) (مسند احمد)

سوار ہونے کے وقت کی دوسری دعاء یہ ہے:

**سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا . وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ وَإِنَّا إِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ**

ترجمہ: پاک ہے وہ ذات جس نے تابع کر دیا ہمارے لئے اس کو، اور نہیں تھی ہم کو اس کی طاقت، اور بے شک ہم اپنے رب کی طرف یقیناً لوٹ کر جانے والے ہیں (حاکم)

## سفر سے واپسی کی دعاء

سفر سے واپس آ کر یہ دعاء پڑھیں:

**آئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ**

ترجمہ: ہم واپس آنے والے ہیں، توبہ کرنے والے ہیں، عبادت کرنے والے ہیں، اپنے رب کی حمد کرنے والے ہیں (ترمذی)

## گرنے یا حادثہ کے خطرہ کے وقت کی دعاء

گرنے یا حادثہ کا خطرہ ہو تو یہ دعاء پڑھیں:

**بِسْمِ اللّٰہِ**

Idara Ghufran

ترجمہ: اللہ کے نام سے (ابوداؤد)

## اوپر چڑھتے وقت کی دعاء

جب اوپر چڑھیں، تو یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰهُ اَكْبَرُ**

ترجمہ: اللہ سب سے بڑا ہے (بخاری)

## نیچے اُترتے وقت کی دعاء

جب نیچے اتریں، تو یہ دعاء پڑھیں:

**سُبْحَانَ اللّٰهِ**

ترجمہ: پاک ہے اللہ (بخاری)

## برتن ڈھانکنے اور دروازہ بند کرنے کی دعاء

جب برتن ڈھانکیں یا دروازہ بند کریں، تو یہ دعاء پڑھیں:

**بِسْمِ اللّٰهِ**

ترجمہ: اللہ کے نام سے (مسند احمد)

## مرغ کی اذان سننے کے وقت کی دعاء

جب مرغ کے اذان دینے کی آواز سنیں، تو یہ دعاء پڑھیں:

**اَسْأَلُ اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ**

ترجمہ: میں اللہ سے اس کے فضل کا سوال کرتا ہوں (بخاری)

## گدھے اور کتے کی آواز سننے کے وقت کی دعاء

جب گدھے یا کتے کی آواز سنیں، تو یہ دعاء پڑھیں:

**اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ**

ترجمہ: میں پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، اللہ کے ذریعہ شیطان مرۡدود سے

(ابوداؤد)

## وضو شروع کرنے کی دعاء

جب وضو کرنا شروع کریں، تو یہ دعاء پڑھیں:

**بِسْمِ اللّٰهِ**

ترجمہ: اللہ کے نام سے (ابنِ ابی شیبہ)

## وضو کے درمیان کی دعاء

وضو کرتے وقت درمیان میں کسی بھی جگہ یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ. وَوَسِّعْ لِيْ فِيْ دَارِيْ. وَبَارِكْ لِيْ فِيْ رِزْقِيْ**

ترجمہ: اے اللہ میرے لئے میرے گناہ معاف فرمادیجئے، اور میرے لئے میرے گھر میں کشادگی پیدا فرمادیجئے اور میرے لئے میرے رزق میں برکت عطاء فرمادیجئے (ابویعلیٰ)

## وضو کے بعد کی دعاء

وضو کرنے کے بعد یہ دعاء پڑھیں:

**أَشْهَدُ أَنْ لَّآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ**

ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں اس بات کی کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک محمد (ﷺ) اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں (ابن ماجہ)

اور اگر یہ دعاء بھی پڑھیں، تو بہت اچھا ہے:

**اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ**

ترجمہ: اے اللہ! مجھے خوب توبہ کرنے والوں میں سے اور خوب پاکی حاصل کرنے والوں میں سے بنا دیجئے (ترمذی)

## اذان کے کلمات

نماز کے لئے اور بچہ کے کان میں دینے کے لئے جو اذان دی جاتی ہے، اس کے کلمات یہ ہیں:

**اَللّٰهُ اَكْبَرُ .اَللّٰهُ اَكْبَرُ. اَللّٰهُ اَكْبَرُ. اَللّٰهُ اَكْبَرُ**

**اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ .اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ**

**اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ .اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ**

**حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ .حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ**

حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ. حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ
اَللّٰہُ اَکْبَرُ. اَللّٰہُ اَکْبَرُ. لَاإِلٰـہَ إِلَّا اللّٰہُ

ترجمہ: اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، میں گواہی دیتا ہوں اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، میں گواہی دیتا ہوں اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک محمد، اللہ کے رسول ہیں، میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک محمد، اللہ کے رسول ہیں، چلے آؤ نماز کی طرف، چلے آؤ نماز کی طرف، چلے آؤ کامیابی کی طرف، چلے آؤ کامیابی کی طرف، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔

فجر کی اذان میں ''حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ'' کے بعد یہ الفاظ بھی کہنا چاہئے:

اَلصَّلَاۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ. اَلصَّلَاۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ

ترجمہ: نماز نیند سے بہتر ہے، نماز نیند سے بہتر ہے (ابنِ ماجہ)

## اقامت کے کلمات

جماعت سے نماز پڑھے جانے کے وقت جو اقامت کہی جاتی ہے، اس کے کلمات یہ ہیں:

اَللّٰہُ اَکْبَرُ. اَللّٰہُ اَکْبَرُ. اَللّٰہُ اَکْبَرُ. اَللّٰہُ اَکْبَرُ
اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ. اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ
اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ. اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ
حَیَّ عَلَی الصَّلَاۃِ. حَیَّ عَلَی الصَّلَاۃِ
حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ. حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ

قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ .قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ

اَللّٰهُ اَكْبَرُ. اَللّٰهُ اَكْبَرُ. لَااِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ

ترجمہ: اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، میں گواہی دیتا ہوں اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، میں گواہی دیتا ہوں اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک محمد، اللہ کے رسول ہیں، میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک محمد، اللہ کے رسول ہیں، چلے آؤ نماز کی طرف، چلے آؤ نماز کی طرف، چلے آؤ کامیابی کی طرف، چلے آؤ کامیابی کی طرف، نماز کھڑی ہوچکی ہے، نماز کھڑی ہوچکی ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔

## اذان کے بعد کی دعاء

اذان کہنے یا سننے کے بعد یہ دعاء پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلَاةِ الْقَائِمَةِ آتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُودَ نِ الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ

ترجمہ: اے اللہ! مالک اس کامل دعاء (یعنی اذان) کے اور اس قائم ہونے والی نماز کے رب، محمد (ﷺ) کو وسیلہ (یعنی سب سے خاص اور اعلیٰ درجہ) اور بزرگی عطا فرما، اور پہنچا آپ ﷺ کو مقامِ محمود (شفاعتِ کبریٰ) پر جس کا تو نے اِن سے وعدہ کیا ہے (بخاری)

اور اذان کے بعد کی ایک دعاء یہ ہے:

أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰـهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْکَ لَهٗ . وَأَنَّ

**مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ . رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلًا . وَبِالْإِسْلَامِ دِيْنًا**

ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ تنہا ہے، جس کا کوئی شریک نہیں، اور بے شک محمد ﷺ اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں، میں اللہ کے رب ہونے پر، اور محمد کے رسول ہونے پر، اور اسلام کے دین ہونے پر راضی (اور خوش) ہوں (مسلم)

## اذان کا جواب کن الفاظ میں دیں؟

اذان کے جواب میں وہی الفاظ کہیں جو اذان دینے والا کہتا ہے۔

اور اگر ''حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ'' اور ''حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ'' کے جواب میں ''لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ'' کہیں، تو زیادہ اچھا ہے (مسلم)

## مسجد میں داخل ہونے کی دعاء

جب مسجد میں داخل ہوں، تو یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ**

ترجمہ: اے اللہ میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دیجئے (مسلم)

## مسجد سے نکلنے کی دعاء

جب مسجد سے نکلیں، تو یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ**

ترجمہ: اے اللہ! بے شک میں آپ سے آپ کے فضل کا سوال کرتا ہوں (مسلم)

# نماز شروع کرنے کی دعاء

جب نماز شروع کریں، تو دونوں ہاتھ اٹھا کر ''اللہ اکبر'' کہیں، پھر ہاتھ سامنے باندھ لیں، اور پھر یہ دعاء پڑھیں:

**سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ وَتَبَارَکَ اسْمُکَ وَتَعَالٰی جَدُّکَ وَلاَ اِلٰـهَ غَیْرُکَ**

ترجمہ: پاک ہے تُو اے اللہ! اور تیری تعریف کے ساتھ شروع کرتا ہوں، اور تیرا نام برکت والا ہے، اور تیری عظمت بلند ہے، اور تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں (ابوداؤد)

# سورہ فاتحہ پڑھنے اور دعاء کرنے کے بعد کی دعاء

جب سورہ فاتحہ پڑھیں یا کوئی دعاء کریں، تو اس کے بعد یہ دعاء پڑھیں:

**آمِیْنُ**

ترجمہ: اے اللہ! ہماری یہ دعاء قبول فرمالیجئے (بخاری)

# رکوع کی دعاء

نماز کے رکوع میں یہ دعاء پڑھیں:

**سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمُ**

ترجمہ: پاک ہے میرا رب جو کہ عظیم ہے (ترمذی)

# سجدہ کی دعاء

نماز کے سجدہ میں یہ دعاء پڑھیں:

**سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی**

ترجمہ: پاک ہے میرا رب جو کہ اعلیٰ ہے (ترمذی)

# رکوع سے اٹھنے کی دعاء

جب نماز میں رکوع سے اٹھیں، تو یہ دعاء پڑھیں:

سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ

رَبَّنَالَکَ الْحَمْدُ

ترجمہ: سن لیا اللہ نے اس کو، جس نے اس کی تعریف کی۔

اے ہمارے رب! آپ کے لئے ہی ہر تعریف ہے (بخاری)

# رکوع سے اٹھنے کے بعد کی دعاء

نماز میں رکوع سے اٹھنے کے بعد کھڑے ہونے کی حالت میں یہ دعاء پڑھیں:

رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْدُ حَمْدًا کَثِیْرًا طَیِّبًا مُّبَارَکًا فِیْہِ

ترجمہ: اے ہمارے رب اور آپ ہی کے لئے حمد ہے بہت زیادہ حمد، پاکیزہ حمد جس میں برکت ہی برکت ہے (بخاری)

# دونوں سجدوں کے درمیان کی دعاء

نماز میں دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھنے کی حالت میں یہ دعاء پڑھیں:

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ

ترجمہ: اے میرے رب! میری مغفرت فرمادیجئے (دارمی)



Idara Ghufran

# نماز کے تشہد کی دعاء

جب نماز میں دونوں سجدوں سے فارغ ہو کر بیٹھنا ہو، تو یہ دعاء پڑھیں:

**اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ**

ترجمہ: ساری قولی عبادتیں اللہ کے لئے ہیں، اور ساری بدنی عبادتیں بھی اور ساری مالی عبادتیں بھی، سلام ہو آپ پر اے نبی اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں آپ پر نازل ہوں، سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر، میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ بے شک اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں، اور گواہی دیتا ہوں کہ بے شک محمد، اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں (بخاری)

# درودِ ابراہیمی

درود ابراہیمی جو نماز میں بھی پڑھا جاتا ہے، وہ اس طرح پڑھیں:

**اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ.**

ترجمہ: اے اللہ! رحمت نازل فرما محمد پر اور محمد کی آل پر جیسا کہ آپ نے رحمت

نازل فرمائی حضرت ابراہیم پر اور ابراہیم کی آل پر، بے شک آپ ہی تعریف کے لائق اور بزرگ وبرتر ہیں، اے اللہ! برکت نازل فرما محمد پر اور محمد کی آل پر جیسا کہ آپ نے برکت نازل فرمائی ابراہیم پر اور ابراہیم کی آل پر، بے شک آپ ہی تعریف کے لائق اور بزرگ وبرتر ہیں (بخاری)

## نماز کے آخری قعدہ کی دعاء

نماز میں سلام پھیرنے سے پہلے، آخری قعدہ میں یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ. وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ . وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ. وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ**

ترجمہ: اے اللہ میں آپ کے ذریعہ پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، جہنم کے عذاب سے، اور قبر کے عذاب سے اور زندگی اور موت کے فتنہ سے اور مسیح دجال کے فتنہ کے شر سے۔ [1]

اور اگر چاہیں تو دوسری دعاء یہ پڑھیں:

**اَللّٰهُمَّ إِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا كَثِيْرًا وَّلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ. فَاغْفِرْ لِیْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِکَ . وَارْحَمْنِیْ إِنَّکَ أَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ**

ترجمہ: اے اللہ! بے شک میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا ہے بہت ظلم، اور گناہوں کو

---

[1] عن أبی هريرة، قال :قال رسول الله صلى الله عليه وسلم " :إذا تشهد أحدكم فليستعذ بالله من أربع يقول :اللهم إنی أعوذ بک من عذاب جهنم، ومن عذاب القبر، ومن فتنة المحيا والممات، ومن شر فتنة المسيح الدجال "(مسلم،رقم الحديث ۵۸۸"۱۲۸")

صرف آپ ہی معاف کر سکتے ہیں، تو میری مغفرت فرما دیجئے خاص اپنی مغفرت، اور مجھ پر رحم فرمائیے، بے شک آپ غفور ہیں، رحیم ہیں (بخاری)

## نماز ختم کرنے کی دعاء

نماز ختم کرتے وقت دائیں اور بائیں طرف چہرہ پھیرنے کے ساتھ یہ دعاء پڑھیں:

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

ترجمہ: سلام ہو تم پر اور اللہ کی رحمت ہو (ترمذی)

## نماز کے بعد کی دعاء

نماز کا سلام پھیرنے کے بعد یہ دعاء پڑھیں:

أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ. أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ. أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ . اَللّٰهُمَّ أَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْکَ السَّلَامُ، تَبَارَکْتَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِکْرَامِ

ترجمہ: میں اللہ سے مغفرت طلب کرتا ہوں، میں اللہ سے مغفرت طلب کرتا ہوں، میں اللہ سے مغفرت طلب کرتا ہوں، اے اللہ! آپ سلامتی والے ہیں، اور آپ ہی سے سلامتی مل سکتی ہے، آپ بابرکت ہیں، اے بزرگی اور عزت واکرام والے (مسلم، ترمذی)

## فجر کی نماز کے بعد کی دعاء

فجر کی نماز پڑھنے کے بعد یہ دعاء پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَسْأَلُکَ رِزْقًا طَیِّبًا وَّعِلْمًا نَافِعًا وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ سے پاکیزہ رزق، اور نفع دینے والے علم، اور قبول

ہونے والے عمل کا سوال کرتا ہوں (طبرانی)

اور اگر چاہیں، تو دس مرتبہ، بلکہ مغرب کے بعد بھی دس مرتبہ یہ دعاء بھی پڑھیں:

لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ. لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ. بِيَدِهِ الْخَيْرُ. يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ. وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

ترجمہ: اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں، وہ تنہا ہے جس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لئے مُلک ہے، اور اسی کے لئے ہر تعریف ہے، اسی کے قبضہ میں خیر ہے، وہی زندہ کرتا ہے، اور وہی مارتا ہے، اور وہ ہر چیز پر پوری طرح قدرت رکھتا ہے (مسند احمد)

## وتر کی نماز کی دعائے قنوت

وتر کی نماز میں دعائے قنوت اس طرح پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ. وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ. وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ. لَا أُحْصِيْ ثَنَاءً عَلَيْكَ. أَنْتَ كَمَا أَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ

ترجمہ: اے اللہ! میں پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، آپ کی رضا کے ذریعہ، آپ کی ناراضگی سے، اور آپ کی معافی کے ذریعہ آپ کے عذاب سے، اور میں پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، آپ کے ذریعہ آپ سے، میں شمار نہیں کرسکتا آپ کی تعریف کو، آپ ویسے ہی ہیں، جیسا کہ آپ نے اپنی تعریف فرمائی ہے (نسائی) [1]

---

[1] یہاں مختصر اور آسان دعائے قنوت لکھی گئی ہے، جو معتبر حدیث سے ثابت ہے، اس کے علاوہ بھی کئی دعائیں ہیں، جن میں سے بعض دوسرے حصہ میں لکھ دی گئی ہیں، ان میں سے بھی کوئی دعاء پڑھ سکتے ہیں۔

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

## استخارہ کی دعاء

جب کوئی بھی اہم کام کرنا چاہیں، تو دو رکعت نفل پڑھ کر یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُکَ بِعِلْمِکَ وَاَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ. وَاَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ .فَاِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُوَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ .وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ.اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَاالْاَمْرَ خَیْرٌلِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ وَ عَاجِلِ اَمْرِیْ وَآجِلِہٖ فَاَقْدِرْہُ لِیْ .وَیَسِّرْہُ لِیْ .ثُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْہِ . وَاِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَاالْاَمْرَشَرٌّلِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ .وَعَاجِلِ اَمْرِیْ. وَآجِلِہٖ . فَاصْرِفْہُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْہُ وَاَقْدِرْلِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ کَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِہٖ**

ترجمہ: یا اللہ! میں آپ کے علم کے واسطہ اور ذریعہ سے آپ سے خیر چاہتا ہوں، اور میں آپ کی قدرت کے واسطہ اور ذریعہ سے آپ سے قدرت وطاقت چاہتا

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾

عن علی بن أبی طالب، أن النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یقول فی آخر وترہ :اللھم إنی أعوذ برضاک من سخطک، وبمعافاتک من عقوبتک، وأعوذ بک منک، لا أحصی ثناء علیک، أنت کما أثنیت علی نفسک(سنن النسائی، رقم الحدیث ۱۷۴۷،کتاب قیام اللیل وتطوع النہار، باب الدعاء فی الوتر، مکتب المطبوعات الإسلامیۃ -حلب، ابوداؤد، رقم الحدیث ۱۴۲۷، سنن ترمذی، رقم الحدیث ۳۵۶۶، باب فی دعاء الوتر ، مسند احمد، رقم الحدیث ۷۵۱ )

قال شعیب الارنؤوط:إسنادہ قوی(حاشیۃ مسند احمد)

www.idaraghufran.org

ہوں، اور میں آپ سے آپ کے عظیم فضل کا سوال کرتا ہوں، کیونکہ آپ قادر ہیں اور میں قادر نہیں (بلکہ محتاج ہوں) اور آپ علم رکھتے ہیں اور میں علم نہیں رکھتا اور آپ علاَّمُ الغیوب (یعنی غیب کا کُلّی اور پوری طرح علم رکھنے والے) ہیں (کہ کس چیز میں خیر ہے اور کس چیز میں شر ہے) یااللہ اگر آپ کے علم میں یہ کام (جس کو اس وقت میں کرنے، نہ کرنے کے متعلق درخواست ودعا کررہا ہوں) میرے حق میں خیر اور بھلائی والا ہے، میرے دین کے لیے بھی خیر اور بھلائی والا ہے، میری معاش اور دنیا کے لئے بھی خیر اور بھلائی والا ہے اور میرے انجام کار کے لئے بھی خیر اور بھلائی والا ہے،''یا نبی علیہ السلام نے یہ فرمایا کہ''میرے لئے فی الحآل بھی خیر اور بھلائی والا ہے، اور بالمآل (آئندہ) کے لئے بھی خیر اور بھلائی والا ہے، تو اس کو میرے لئے مقدَّر اور تجویز فرمادیجئے، اور اس کو میرے لیے آسان بھی فرمادیجئے، اور پھر اس میں میرے لیے برکت بھی پیدا فرمادیجئے، اور اگر آپ کے علم میں یہ کام (جس کو اس وقت میں کرنے، نہ کرنے کے متعلق درخواست ودعا کررہا ہوں) میرے حق میں شر اور برائی والا ہے، میرے دین کے لئے بھی شر اور برائی والا ہے، میری معاش اور دنیا کے لئے بھی شر اور برائی والا ہے، اور میرے انجام کار کے لئے بھی شر اور برائی والا ہے''یا نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ''میرے لئے فی الحآل بھی شر اور برائی والا ہے اور بالمآل (آئندہ) کے لئے بھی شر اور برائی والا ہے، تو ہٹا دیجئے (اور دور کردیجئے) اس کو مجھ سے، اور ہٹادیجئے (اور دور کردیجئے) مجھے اس سے، اور (اس کے بدلے) مقدَّر (اور نصیب وتجویز) کردیجئے میرے لئے خیر اور بھلائی، جہاں کہیں بھی ہو اور پھر مجھے اس پر راضی (اور مطمئن) بھی کردیجئے (بخاری)

# نمازِ جنازہ کی دعاء

نمازِ جنازہ میں یہ دعاء پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَمَیِّتِنَا وَشَاهِدِنَاوَغَائِبِنَا وَصَغِیْرِنَا وَکَبِیْرِنَا وَذَکَرِنَا وَاُنْثَانَا اَللّٰھُمَّ مَنْ اَحْیَیْتَهٗ مِنَّا فَاَحْیِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّیْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَى الْاِیْمَانِ

ترجمہ: اے اللہ! ہمارے زندوں کی مغفرت فرما دیجئے، اور ہمارے مُردوں کی مغفرت فرما دیجئے، اور ہمارے حاضرین کی مغفرت فرما دیجئے ، اور ہمارے غائبین کی مغفرت فرما دیجئے، اور ہمارے چھوٹوں کی مغفرت فرما دیجئے، اور ہمارے بڑوں کی مغفرت فرما دیجئے، اور ہمارے مرد حضرات کی مغفرت فرما دیجئے، اور ہماری خواتین کی مغفرت فرما دیجئے، اے اللہ! ہم میں سے آپ جس کو زندہ رکھیں، تو اُسے آپ اسلام پر زندہ رکھئے، اور ہم میں سے جس کو آپ وفات دیں، تو اسے ایمان پر وفات دیجئے (مسند احمد، حاکم)

# نابالغ بچہ کی نمازِ جنازہ کی دعاء

نابالغ بچہ کی نمازِ جنازہ میں یہ دعاء پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا سَلَفًا وَّفَرَطًا وَّذُخْرًا

ترجمہ: اے اللہ! اس کو ہمارے لئے پہلے گزرا ہوا، اور پہنچا ہوا، اور ہمارے لئے ذخیرہ بنا دیجئے۔ [1]

---

[1] عن همام بن منبه، عن أبی هریرة أنه كان یصلی علی المنفوس الذی لم یعمل خطیئة قط، ویقول " :اللهم اجعله لنا سلفا وفرطا وذخرا "قال نعیم :وقیل لبعضهم أتصلی علی المنفوس الذی لم یعمل خطیئة قط؟ قال :قد صلی علیه رسول

﴿بقیہ حاشیہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں﴾

اور اگر چاہیں تو اوپر والی دعاء کے بجائے، نابالغ بچہ کے جنازہ میں یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلِ الْجَنَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُ مَوْعِدًا اَللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا أَجْرَهُ وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَهُ**

ترجمہ: اے اللہ! اس کو ہمارے لئے آگے بھیجا ہوا بنا دیجئے، اور جنت کو ہمارے اور اس کے درمیان وعدہ کی جگہ بنا دیجئے، اے اللہ! ہمیں اس کے اجر سے محروم نہ فرمایئے، اور ہمیں اس کے بعد گمراہ نہ فرمایئے۔ [1]

اور اگر نابالغ بچی ہو، تو یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلِ الْجَنَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهَا مَوْعِدًا اَللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا أَجْرَهَا وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَهَا**

ترجمہ: اے اللہ! اس کو ہمارے لئے آگے بھیجی ہوئی بنا دیجئے، اور جنت کو ہمارے اور اس کے درمیان وعدہ کی جگہ بنا دیجئے، اے اللہ! ہمیں اس کے اجر سے محروم نہ فرمایئے، اور ہمیں اس کے بعد گمراہ نہ فرمایئے۔

## بچہ کی پیدائش ہونے پر دی جانے والی دعاء

کسی کے ہاں بچہ کی پیدائش ہونے پر اس کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

**بَارَکَ اللّٰهُ لَکَ فِيْهِ. وَجَعَلَهُ بَرًّا تَقِيًّا**

---

﴿گزشتہ صفحے کا بقیہ حاشیہ﴾ الله صلى الله عليه وسلم وكان مغفورا له بمنزلة من لم يعص الله عز وجل "(السنن الكبرى للبيهقي ، رقم الحديث ٦٧٩۴)

[1] عن ابن عباس، أنه كان إذا صلى على الجنازة قال :اللهم اجعله لنا فرطا، واجعل الجنة بيننا وبينه موعدا، اللهم لا تحرمنا أجره، ولا تضلنا بعده(مصنف عبد الرزاق، رقم الحديث ٦۴٣٩)

اوپر نابالغ کے جنازہ کے لئے صحابۂ کرام سے ثابت دعائیں درج کی گئی ہیں، اس کے علاوہ دوسرے الفاظ کتبِ فقہ میں مذکور ہے، جن کو یہاں ذکر نہیں کیا گیا۔

ترجمہ: اللہ آپ کے لئے اس بچہ میں برکت فرمائے، اور اس کو فرمانبردار اور متقی بنائے (بزار)

## نکاح کی مبارک باد کی دعاء

جب کسی کا نکاح ہو، تو اسے مبارک باد کی دعاء اس طرح دیں:

بَارَکَ اللّٰہُ لَکَ

ترجمہ: اللہ آپ کے لئے مبارک فرمائے (بخاری)

## بیمار پُرسی کے وقت کی دعاء

کسی کی بیمار پُرسی کرنے جائیں، تو بیمار کے پاس یہ دعاء پڑھیں:

لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ

ترجمہ: کچھ حرج نہیں، ان شاء اللہ یہ بیماری گناہوں سے پاک (ومعاف) کرنے والی بنے گی (بخاری)

## کسی کے فوت ہوجانے کے وقت کی دعاء

جب گھر میں کوئی فوت ہوجائے تو یہ دعاء پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَلَهٗ وَأَعْقِبْنِيْ مِنْهُ عُقْبٰى حَسَنَةً

ترجمہ: اے اللہ! مجھے اور اس کو بخش دیجئے، اور مجھے اس کا اچھا بدل عطا فرما دیجئے (مسلم)

# قبرستان میں داخل ہونے کی دعاء

قبرستان میں داخل ہوتے وقت یہ دعاء پڑھیں:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ دَارَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ. وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ

ترجمہ: سلام ہو تم پر مومنوں کی قوم کے گھر والو، اور بے شک ہم ان شاء اللہ تمہارے ساتھ ملنے والے ہیں (مسلم)

# میت کو قبر میں رکھتے وقت کی دعاء

میت کو قبر میں رکھتے وقت یہ دعاء پڑھیں:

بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى سُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم

ترجمہ: اللہ کے نام کے ساتھ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت پر (تمہیں قبر میں رکھتے ہیں) (مسند احمد)

# فوتیدگی پر تعزیت کرنے کی دعاء

کسی مسلمان کے فوت ہونے کے بعد اس کے رشتہ داروں سے تعزیت کرتے وقت یہ دعاء پڑھیں:

إِنَّ لِلّٰهِ مَا أَخَذَ وَلَهٗ مَا أَعْطٰى وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِأَجَلٍ مُّسَمًّى فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ

ترجمہ: بے شک اللہ ہی کا ہے جو اس نے لیا، اور اسی کا ہے جو اس نے دیا، اور اس

کے پاس ہر چیز مقررہ وقت کے ساتھ ہے، اس لئے تمہیں چاہئے کہ صبر کرو اور ثواب حاصل ہونے کی امید رکھو (بخاری)

## کسی کو مصیبت میں دیکھنے کے وقت کی دعاء

جب کسی کو مصیبت، پریشانی یا برے حال میں دیکھیں، تو یہ دعاء پڑھیں:

**اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاکَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا**

ترجمہ: سب تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں، جس نے مجھے اس مصیبت و پریشانی سے نجات عطا فرمائی، جس میں تجھے (یعنی اس مصیبت زدہ کو) مبتلا کیا، اور اس نے مجھے اپنی بہت سی مخلوق پر فضیلت دی (ترمذی)

## ہوا چلنے کے وقت کی دعاء

جب ہوا چلے تو یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْأَلُکَ خَیْرَهَا وَخَیْرَ مَا فِیْهَا وَخَیْرَ مَا أُرْسِلَتْ بِهٖ وَأَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِیْهَا وَشَرِّ مَا أُرْسِلَتْ بِهٖ**

ترجمہ: اے اللہ میں تجھ سے اس ہوا کی بھلائی کا اور اس کے اندر کی بھلائی کا اور اس چیز کی بھلائی کا، جس کے لئے یہ بھیجی گئی ہے، سوال کرتا ہوں، اور میں تجھ سے اس کے شر کا اور اس کے اندر کے شر کا اور جس شر کے لئے یہ بھیجی گئی ہے، اس سے پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں (مسلم)

Idara Ghufran

# تیز ہوا اور آندھی کے وقت کی دعاء

تیز ہوا اور آندھی چلنے کے وقت یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰھُمَّ لَقْحًا لَا عَقِیْمًا**

ترجمہ: اے اللہ! بارش والی ہوا عطا فرمایئے، خالی (بانجھ) ہوا نہیں (ابنِ حبان)

# بارش طلب کرنے کی دعاء

جب بارش کی ضرورت ہو اور بارش نہ ہو رہی ہو تو یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰھُمَّ أَغِثْنَا اَللّٰھُمَّ أَغِثْنَا اَللّٰھُمَّ أَغِثْنَا**

ترجمہ: اے اللہ! ہماری فریاد رسی فرمایئے۔ اے اللہ! ہماری فریاد رسی فرمایئے۔
اے اللہ! ہماری فریاد رسی فرمایئے (بخاری، مسلم)

# بارش شروع ہونے کے وقت کی دعاء

جب بارش شروع ہو، تو یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰھُمَّ صَیِّبًا نَّافِعًا**

ترجمہ: اے اللہ نفع پہنچانے والی بارش برسایئے (بخاری)

# زیادہ بارش ہونے کے وقت کی دعاء

جب زیادہ بارش ہو رہی ہو، اور نقصان مثلاً سیلاب وغیرہ کا خطرہ ہو، تو یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰھُمَّ حَوَالَیْنَا . وَلَا عَلَیْنَا . اَللّٰھُمَّ عَلَی الْاٰکَامِ وَالْجِبَالِ**
**وَالْاٰجَامِ وَالظِّرَابِ وَالْاَوْدِیَةِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ**

ترجمہ: اے اللہ! ہمارے اردگرد برسائیے، ہم پر نہ برسائیے، اے اللہ! ٹیلوں پر، پہاڑوں پر اور وادیوں پر اور درختوں کے اگنے کی جگہوں پر برسائیے (بخاری، مسلم)

## بادل گرجنے کی آواز سننے کے وقت کی دعاء

جب بادل گرجنے کی آواز سنائی دے تو یہ دعاء پڑھیں:

سُبْحَانَ اللّٰهِ الَّذِیْ یُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِہٖ . وَالْمَلَائِکَۃُ مِنْ خِیْفَتِہٖ

ترجمہ: پاک ہے وہ ذات کہ گرج اس کی حمد کے ساتھ تسبیح پڑھتی ہے، اور فرشتے اس کے خوف سے (تسبیح پڑھتے ہیں) (الادب المفرد)

## چاند دیکھنے کے وقت کی دعاء

جب چاند دیکھیں تو اس وقت یہ دعاء پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ أَھِلَّہٗ عَلَیْنَا بِالْیُمْنِ وَالْإِیْمَانِ وَالسَّلَامَۃِ وَالْإِسْلَامِ رَبِّیْ وَرَبُّکَ اللّٰہُ

ترجمہ: یا اللہ! اس چاند! کو ہم پر برکت، ایمان، سلامتی اور اسلام کے ساتھ ظاہر فرمائیے، اے چاند میرا اور تیرا رب اللہ ہی ہے (مسند احمد)

## جانور ذبح کرتے وقت کی دعاء

جانور ذبح کرتے وقت یہ دعاء پڑھیں:

بِسْمِ اللّٰہِ وَاللّٰہُ أَکْبَرُ

ترجمہ: اللہ کے نام سے، اور اللہ سب سے بڑا ہے (ترمذی)



Idara Ghufran

# عید کی مبارک باد دینے کی دعاء

ایک دوسرے کو عید کی مبارک باد کی دعاء اس طرح سے دیں:

**تَقَبَّلَ اللّٰهُ مِنَّا وَمِنْکَ**

ترجمہ: اللہ ہماری طرف سے قبول فرمائے، اور آپ کی طرف سے بھی (طبرانی)

# لیلۃُ القدر کی دعاء

لیلۃُ القدر میں یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰهُمَّ إِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفُوَ. فَاعْفُ عَنِّیْ**

ترجمہ: اے اللہ! بے شک آپ بہت معاف کرنے والے ہیں، معافی کو پسند فرماتے ہیں، تو آپ مجھے معاف فرمادیجئے (مسند احمد)

# کشمکش پیش آنے کے وقت کی دعاء

جب کسی معاملہ میں کشمکش پیش آئے، تو یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰهُمَّ اهْدِنِیْ وَسَدِّدْنِیْ**

ترجمہ: اے اللہ! آپ مجھے ہدایت عطافرمایئے اور مجھے درست راستہ پر رکھیے (مسلم)

# اچھے اخلاق کی دعاء

اچھے اخلاق کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰهُمَّ أَحْسَنْتَ خَلْقِیْ. فَأَحْسِنْ خُلُقِیْ**

ترجمہ: اے اللہ! آپ نے میری پیدائش کو اچھا کیا ہے، تو آپ میرے اخلاق کو بھی اچھا کر دیجئے (مسند احمد)

## بُرے اخلاق سے بچنے کی دعاء

بُرے اخلاق سے بچنے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنْ مُنْکَرَاتِ الْأَخْلَاقِ وَالْأَعْمَالِ وَالْأَهْوَاءِ

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ کے ذریعہ برے اخلاق اور برے اعمال اور شہوت پرستی سے پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں (ترمذی)

## سیدُ الاستغفار

گناہوں کی معافی کے لئے سیدُ الاستغفار یعنی سب سے بڑا استغفار یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبِّیْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَأَنَا عَبْدُکَ وَأَنَا عَلٰی عَهْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ أَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ أَبُوْءُ لَکَ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ وَأَبُوْءُ لَکَ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْ لِیْ فَإِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ

ترجمہ: اے اللہ! آپ میرے رب ہیں، آپ کے علاوہ کوئی معبود نہیں، آپ نے مجھے پیدا کیا، اور میں آپ کا بندہ ہوں، اور میں اپنی استطاعت کے مطابق آپ کے عہد اور وعدے پر قائم ہوں، میں آپ کی پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، ہر اُس شر سے جو میں نے کیا، اس حال میں کہ میں آپ کے سامنے اپنے اوپر آپ کی

نعمتوں کا اعتراف کرتا ہوں، اور آپ کے سامنے اپنے گناہوں کا اقرار بھی کرتا ہوں، پس مجھے معاف فرما دیجیے، اس لیے کہ آپ کے علاوہ گناہوں کو کوئی معاف کرنے والا نہیں (بخاری) [1]

## عظیمُ الشان تسبیح

عظیمُ الشان تسبیح، جس کو ایک مرتبہ پڑھنے سے بہت زیادہ تسبیح پڑھنے کا ثواب ملتا ہے، یہ ہے:

**سُبُحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِى السَّمَاءِ . وَسُبُحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِى الْأَرُضِ. وَسُبُحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ بَيُنَ ذٰلِکَ. وَسُبُحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا هُوَ خَالِقٌ. وَاللّٰهُ أَكُبَرُ مِثُلَ ذٰلِکَ. وَالُحَمُدُ لِلّٰهِ مِثُلَ ذٰلِکَ. وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مِثُلَ ذٰلِکَ. وَلَا حَوُلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ مِثُلَ ذٰلِک**

ترجمہ: پاک ہے اللہ اتنی مرتبہ جتنی آسمان میں مخلوق ہے، اور پاک ہے اللہ اتنی مرتبہ جتنی زمین میں مخلوق ہے، اور پاک ہے اللہ اتنی مرتبہ جتنی آسمان اور زمین کے درمیان مخلوق ہے، اور پاک ہے اللہ اتنی مرتبہ جتنی اس نے اپنی مخلوق پیدا کی، اور اللہ سب سے بڑا ہے اتنی ہی مرتبہ، اور ہر تعریف اللہ کے لئے ہے اتنی ہی

---

[1] شداد بن أوس رضی الله عنه :عن النبی صلی الله علیه وسلم " :سید الاستغفار أن تقول :اللهم أنت ربی لا إله إلا أنت، خلقتنی وأنا عبدک، وأنا علی عهدک ووعدک ما استطعت، أعوذ بک من شر ما صنعت، أبوء لک بنعمتک علی، وأبوء لک بذنبی فاغفر لی، فإنه لا یغفر الذنوب إلا أنت "قال :ومن قالها من النهار موقنا بها، فمات من یومه قبل أن یمسی، فهو من أهل الجنة، ومن قالها من اللیل وهو موقن بها، فمات قبل أن یصبح، فهو من أهل الجنة(بخاری، رقم الحدیث ٦٣٠٦، کتاب الدعوات، باب أفضل الاستغفار)

مرتبہ، اور اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں اتنی ہی مرتبہ، اور نہیں ہے کوئی نقل وحرکت اور قوت اللہ کے بغیر اتنی ہی مرتبہ۔ ؎

**وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ وَاَحْکَمُ.**

---

؎ اللہ کا ذکر اصولی طور پر مندرجہ ذیل چند اقسام میں داخل ہے:

(۱) تہلیل (۲) تسبیح (۳) تحمید (۴) تکبیر (۵) حوقلہ

مندرجہ بالا ذکر میں یہ پانچوں اقسام کے اذکار جمع ہیں، البتہ بعض احادیث میں تسبیح کی مذکورہ فضیلت میں تسبیح وتحمید یا صرف تسبیح کا اختصار پایا جاتا ہے، اور متن میں مذکور الفاظ والی حدیث میں پانچوں مذکورہ اذکار جمع ہیں، اس لئے وہ جامع ہے۔

عن عائشة بنت سعد بن أبى وقاص عن أبيها :أنه دخل مع رسول الله -صلى الله عليه وسلم -على امرأة وبين يديها نوى -أو حصى -تسبح به، فقال " :أخبرك بما هو أيسر عليك من هذا، أو أفضل "فقال" :سبحان الله عدد ما خلق فى السماء، وسبحان الله عدد ما خلق فى الأرض، وسبحان الله عدد ما بين ذلك، وسبحان الله عدد ما هو خالق، والله أكبر مثل ذلك، والحمد لله مثل ذلك، ولا إله إلا الله مثل ذلك، -ولا حول ولا قوة إلا بالله مثل ذلك (سنن ابى داود، رقم الحديث ١٥٠٠، ابنِ حبان رقم الحديث ٨٣٧، موارد الظمآن ،رقم الحديث ٢٣٣٥)

قال شيعب الارنوؤط: حديث حسن لغيره (حاشية سنن ابى داوٗد)

وقال ايضاً: رجاله رجال الصحيح(حاشية ابنِ حبان)

وقال حسين سليم اسد الدارانى:إسناده صحيح إن كان سعيد بن أبى هلال سمعه من عائشة بنت سعد، فإن إمكانية اللقاء متوفرة، ولكننا ما علمنا رواية لسعيد عن عائشة فيما نعلم، والله أعلم(حاشية موارد الظمآن)

عن سالم، أن أبا أمامة حدث، عن رسول الله صلى الله عليه وسلم أنه قال " :من قال: الحمد لله عدد ما خلق، والحمد لله ملء ما خلق، والحمد لله عدد ما فى السماوات والأرض، والحمد لله ملء ما فى السماوات والأرض، والحمد لله عدد ما أحصى كتابه، والحمد لله ملء ما أحصى كتابه، والحمد لله عدد كل شيء، والحمد لله ملء كل شيء، وسبحان الله مثلها فأعظم ذلك (مسند احمد، رقم الحديث ٢٢١٤٤)

قال شعيب الارنؤوط:حديث صحيح(حاشية مسند احمد)

عن ابن عباس، قال " :كان اسم جويرية برة، فكأن النبى صلى الله عليه وسلم كره ذلك، فسماها جويرية، كراهة أن يقال :خرج من عند برة، قال :وخرج بعد ما صلى، فجاء ها فقالت :ما زلت بعدك يا رسول الله دائبة، قال :فقال لها " :لقد قلت بعدك كلمات لو وزن لرجحن بما قلت :سبحان الله عدد ما خلق الله سبحان الله رضاء نفسه، سبحان الله زنة عرشه، سبحان الله مداد كلماته (مسند احمد، رقم الحديث ٢٣٣٤)

قال شعيب الارنؤوط:إسناده صحيح على شرط مسلم(حاشية مسند احمد)

(دوسرا حصہ)

## مشکلات سے نجات کی دعاء

مشکلات سے نجات کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اَنتَ سُبُحَانَکَ اِنِّیُ کُنتُ مِنَ الظَّالِمِیُنَ

ترجمہ: نہیں ہے کوئی معبود سوائے آپ کے، پاک ہے آپ کی ذات، بے شک میں ہوں ظلم کرنے والوں میں سے (القرآن)

## گناہوں سے توبہ کی دعاء

گناہوں سے توبہ کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

رَبَّـنَا ظَلَمُنَا اَنفُسَنَا وَاِنُ لَّمُ تَغُفِرُ لَنَا وَتَرُحَمُنَا لَنَـکُونَنَّ مِنَ الُخَاسِرِیُنَ

ترجمہ: اے ہمارے رب! ظلم کیا ہم نے اپنی جانوں پر، اور اگر آپ نہیں مغفرت فرمائیں گے ہماری، اور نہیں رحم فرمائیں گے ہم پر، تو ہم خسارہ پانے والوں میں سے ہو جائیں گے (القرآن)

## نیک عمل کی قبولیت کی دعاء

نیک عمل کرنے کے بعد اس کی قبولیت کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

رَبَّنَا تَقَبَّلُ مِنَّا اِنَّکَ اَنتَ السَّمِیُعُ الُعَلِیُمُ

ترجمہ: اے ہمارے رب قبول فرمالیجئے ہماری طرف سے، بے شک تو ہی ہے

خوب سننے والا خوب جاننے والا (القرآن)

## ظلم اور گناہ سے معافی کی دعاء

ظلم اور گناہوں سے معافی کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

**رَبِّ إِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ**

ترجمہ: اے میرے رب! بے شک میں نے ظلم کیا ہے اپنی جان پر، تو آپ مغفرت فرمادیجئے میری (القرآن)

## شہر میں امن اور بت پرستی سے بچنے کی دعاء

شہر میں امن اور بت پرستی سے بچنے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

**رَبِّ اجْعَلْ هٰـذَا الْبَلَدَ آمِنًا وَّاجْنُبْنِیْ وَبَنِیَّ أَن نَّعْبُدَ الأَصْنَامَ**

ترجمہ: اے میرے رب! کر دیجئے اس شہر کو امن والا، اور بچایئے مجھے آپ اور میری اولاد کو، اس سے کہ ہم عبادت کریں بتوں کی (القرآن)

## مغلوب ہونے کے وقت کی دعاء

جب نفس، شیطان یا دشمن سے مغلوب ہوں، تو یہ دعاء پڑھیں:

**أَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ**

ترجمہ: بے شک میں مغلوب ہوں، میری مدد فرمایئے (القرآن)

## ظالم اور کافر لوگوں کے شر سے بچنے کی دعاء

ظالم اور کافر لوگوں کے شر سے بچنے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

**رَبَّنَا لاَ تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظَّالِمِيْنَ. وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكَافِرِيْنَ**

ترجمہ: اے ہمارے رب! نہ کیجئے ہم کو فتنہ (تختۂ مشق) ظالم قوم کا، اور نجات دیجئے ہمیں اپنی رحمت کے ذریعہ کافر قوم سے (القرآن)

## ظالم لوگوں سے نجات کی دعاء

ظالم لوگوں سے نجات کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

**رَبِّ نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِيْنَ**

ترجمہ: اے میرے رب! نجات عطا فرما دیجئے مجھ کو ظلم کرنے والی قوم سے (القرآن)

## شریر لوگوں کے شر سے بچنے کی دعاء

شریر لوگوں کے شر سے بچنے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

**رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ**

ترجمہ: اے میرے رب! مدد فرمائیے میری فساد کرنے والی قوم پر (القرآن)

## نیک اولاد حاصل ہونے کی دعاء

نیک اولاد حاصل ہونے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

**رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصَّالِحِيْنَ**

ترجمہ: اے میرے رب! ہبہ فرمایئے میرے لئے صالح افراد میں سے (القرآن)

## اولاد اور اچھے ساتھی کو پانے کی دعاء

اولاد اور اچھے ساتھی کو پانے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّأَنتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ

ترجمہ: اے میرے رب! نہ چھوڑیئے آپ مجھے تنہا، اور آپ وارثوں میں سب سے بہتر ہیں (القرآن)

## نماز کی پابندی اور والدین کی مغفرت کی دعاء

اپنی اور اپنی اولاد کے لئے نماز کی پابندی اور اپنے والدین اور مومنوں کی مغفرت کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلَاةِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَاءِ .
رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ

ترجمہ: اے میرے رب! کر دیجئے مجھے نماز قائم کرنے والا، اور میری اولاد کو بھی، اے ہمارے رب! اور قبول فرمایئے میری دعاء کو، اے ہمارے رب مغفرت فرما دیجئے میری اور میرے والدین کی، اور مومنوں کی، جس دن قائم ہو حساب (القرآن)

## اپنے اور اپنے والدین اور مومنوں کی مغفرت کی دعاء

اپنے اور اپنے والدین اور مومنوں کی مغفرت کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَیْتِیَ مُؤْمِنًا

وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

ترجمہ: اے میرے رب مغفرت فرمادیجئے میرے لئے اور میرے والدین کے لئے، اور اس کے لئے جو داخل ہوا میرے گھر میں مومن ہونے کی حالت میں، اور مومنین اور مومنات کے لئے بھی (القرآن)

## کام کے صحیح ہونے کی دعاء

کام کے صحیح ہونے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

عَسٰى رَبِّىْ أَنْ يَّهْدِيَنِىْ سَوَاءَ السَّبِيْلِ

ترجمہ: قریب ہے کہ میرا رب ہدایت عطا فرمائے مجھ کو سیدھے راستے کی (القرآن)

## بُرے خیالات اور شیطانی جادو سے بچنے کی دعاء

بُرے خیالات، تکبر اور شیطانی جادو سے بچنے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ إِنِّىْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ. وَهَمْزِهٖ. وَنَفْخِهٖ. وَنَفْثِهٖ

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ کے ذریعہ شیطان مرُدود سے پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، اس کے وسوسہ سے اور اس کی پھونک مارنے (یعنی تکبر) سے اور اس کی جھاڑ پھونک (یعنی جادو وغیرہ شیطانی اثرات ڈالنے) سے (ابن ماجہ، مسند احمد)

## مغفرت وتوبہ کی دعاء

اپنی مغفرت اور توبہ کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

رَبِّ اغْفِرْ لِىْ وَتُبْ عَلَىَّ. إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ

ترجمہ: اے میرے رب میری مغفرت فرما دیجئے، اور میری توبہ قبول فرما لیجئے، بے شک آپ بہت زیادہ توبہ قبول فرمانے والے ہیں، اور رحیم ہیں (ابوداؤد)

یا یہ دعاء پڑھیں:

**أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَا إِلٰـهَ إِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَأَتُوْبُ إِلَیْهِ**

ترجمہ: میں اللہ سے مغفرت طلب کرتا ہوں، جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں، وہ حیّ ہے اور قیوم ہے، اور میں اسی سے توبہ کرتا ہوں (ابوداؤد)

## ذکر، شکر اور اچھی عبادت کی توفیق کی دعاء

اللہ کا ذکر، شکر اور اچھی عبادت کی توفیق حاصل ہونے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰهُمَّ أَعِنَّا عَلٰی شُکْرِکَ. وَذِکْرِکَ. وَحُسْنِ عِبَادَتِکَ**

ترجمہ: اے اللہ! اپنا شکر ادا کرنے، اپنا ذکر کرنے اور اپنی بہترین عبادت کرنے پر ہماری مدد فرمایئے (مسند احمد)

## مفید علم حاصل ہونے کی دعاء

مفید علم حاصل ہونے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَسْأَلُکَ عِلْمًا نَّافِعًا وَأَعُوْذُ بِکَ مِنْ عِلْمٍ لَّا یَنْفَعُ**

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ سے نفع دینے والے علم کا سوال کرتا ہوں، اور آپ سے نفع نہ دینے والے علم سے پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں (ابن حبان)

Idara Ghufran

## دِلوں کو نیکی کی طرف پھیرنے کی دعاء

دلوں کو طاعت و نیکی کی طرف پھیرنے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰهُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰى طَاعَتِكَ**

ترجمہ: اے اللہ، دلوں کے پھیرنے والے! ہمارے دلوں کو اپنی طاعت و نیکی پر پھیر دیجئے (مسلم)

## اچھے انجام اور دنیا و آخرت کی رسوائی سے بچنے کی دعاء

ہر معاملہ میں اچھے انجام اور دنیا و آخرت کی ذلت و رسوائی سے بچنے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰهُمَّ أَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الْأُمُوْرِ كُلِّهَا. وَأَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا. وَعَذَابِ الْآخِرَةِ**

ترجمہ: اے اللہ! تمام معاملات میں ہمارا انجام اچھا فرما دیجئے، اور ہمیں دنیا کی رُسوائی اور آخرت کے عذاب سے محفوظ فرما دیجئے (مسند احمد)

## بُرے وقت اور بُرے ساتھی و پڑوسی سے بچنے کی دعاء

بُرے وقت، بُرے ساتھی اور بُرے پڑوسی سے بچنے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ يَوْمِ السُّوْءِ. وَمِنْ لَيْلَةِ السُّوْءِ. وَمِنْ سَاعَةِ السُّوْءِ. وَمِنْ صَاحِبِ السُّوْءِ. وَمِنْ جَارِ السُّوْءِ فِيْ دَارِ الْمُقَامَةِ**

ترجمہ: اے اللہ! میں بُرے دن سے آپ کی پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، اور

بُری رات سے بھی، اور بُرے وقت سے بھی، اور بُرے ساتھی سے بھی، اور رہائش والی جگہ میں بُرے پڑوسی سے بھی (طبرانی)

## سستی، بزدلی اور بخل وغیرہ سے بچنے کی دعاء

سُستی، بزدلی، بخل اور عمر کے برے حصہ اور دنیا اور قبر کے شر سے بچنے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْجُبْنِ. وَأَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْبُخْلِ. وَأَعُوْذُ بِکَ مِنْ أَنْ أُرَدَّ إِلٰی أَرْذَلِ الْعُمُرِ. وَأَعُوْذُ بِکَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْیَا. وَعَذَابِ الْقَبْرِ**

ترجمہ: اے اللہ میں آپ کے ذریعہ سے پناہ چاہتا ہوں بزدلی سے اور میں آپ کی پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں بخل سے اور میں آپ کی پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں کہ میں ناکارہ عمر تک پہنچوں اور میں آپ کی پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں دنیا کے فتنہ سے اور قبر کے عذاب سے (بخاری)

## دجّال کے شر سے بچنے کی دعاء

دجّال کے شر سے بچنے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ. وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ. وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْیَا وَالْمَمَاتِ. وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ**

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ کے ذریعہ پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، عذابِ جہنم، اور عذابِ قبر سے، اور زندگی اور موت کے فتنہ سے، اور مسیح دجال کے فتنہ کے شر

سے (مسلم)

## مشکل کام کو آسان اور غم کو ہلکا کرنے کی دعاء

اگر کسی کام میں مشکل پیش آئے یا کوئی رنج وغم میں مبتلا ہو، تو اس کو ہلکا کرنے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ إِلَّا مَا جَعَلْتَهُ سَهْلًا. وَأَنْتَ تَجْعَلُ الْحُزْنَ سَهْلًا إِذَا شِئْتَ**

ترجمہ: اے اللہ! نہیں ہے کوئی چیز سہل، مگر وہ جس کو آپ سہل کر دیں، اور آپ ہی غم کو سہل کرتے ہیں، جب آپ چاہیں (ابنِ حبان)

## زمین میں برکت اور رونق کی دعاء

زمین کی برکت اور اس کی رونق و بہار کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰهُمَّ ضَعْ فِيْ أَرْضِنَا بَرَكَتَهَا. وَزِيْنَتَهَا. وَسَكَنَهَا**

ترجمہ: اے اللہ! ہماری زمین میں اس کی برکت کو، اور اس کی زینت کو اور اس کے رہنے والوں کی رونق کو رکھ دیجئے (طبرانی)

## رنج وغم کے وقت کی دعاء

اگر کوئی رنج وغم کا واقعہ پیش آجائے، تو یہ دعاء پڑھیں:

**يَا حَيُّ. يَا قَيُّوْمُ. بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيْثُ**

ترجمہ: یاحیُّ یا قیُّوم! میں آپ کی رحمت (پانے) کی فریاد کرتا ہوں (ترمذی)

یا یہ دعاء پڑھیں:

اَللّٰہَ اَللّٰہَ رَبِّیْ لَا أُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا

ترجمہ: اللہ، اللہ جو کہ میرا رب ہے، میں اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں ٹھہراتا (ابوداؤد)

## مصیبت کو راحت سے بدلنے کی دعاء

مصیبت کو راحت سے بدلنے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

إِنَّا لِلّٰہِ وَإِنَّا إِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ. اَللّٰھُمَّ أْجُرْنِیْ فِیْ مُصِیْبَتِیْ. وَأَخْلِفْ لِیْ خَیْرًا مِّنْھَا

ترجمہ: بے شک ہم اللہ کے لئے ہیں اور ہم اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں، اے اللہ! مجھ کو میری مصیبت میں اجر عطا فرمایئے اور مجھے اس سے بہتر بدلہ عطا فرمایئے (مسلم)

## زندگی سے مایوس ہونے کے وقت کی دعاء

اگر زندگی سے مایوسی پیدا ہو، تو موت کی تمنا کے بجائے یہ دعاء پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ أَحْیِنِیْ مَا کَانَتِ الْحَیَاۃُ خَیْرًا لِیْ . وَتَوَفَّنِیْ إِذَا کَانَتِ الْوَفَاۃُ خَیْرًا لِیْ

ترجمہ: اے اللہ! جب تک میرا زندہ رہنا بہتر ہو، اس وقت تک مجھے زندہ رکھئے اور جب میرا مرجانا بہتر ہو تو مجھے موت دے دیجئے (بخاری، مسلم)

# گمراہ کن فتنوں سے بچنے کی دعاء

گمراہ کن فتنوں سے بچنے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ رَبَّ النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ. اِغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ. وَأَذْھِبْ غَیْظَ قَلْبِیْ. وَأَجِرْنِیْ مِنْ مُضِلَّاتِ الْفِتَنِ مَا أَحْیَیْتَنَا

ترجمہ: اے اللہ! نبی محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے رب! میرے گناہوں کو معاف فرما دیجئے، اور میرے دل کے غصے کو دُور فرما دیجئے اور جب تک آپ نے ہمیں زندگی عطاء فرمائی ہے، میری ہر گمراہ کرنے والے فتنے سے حفاظت فرما لیجئے (مسند احمد)

# ظالموں اور دشمنوں کے شر سے بچنے کی دعاء

ظالموں اور دشمنوں کے شر سے بچنے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ إِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُ بِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ

ترجمہ: اے اللہ! ہم تجھے ان دشمنوں کے سامنے اپنی آڑ بناتے ہیں، اور ان کی شرارتوں سے تیری پناہ (وحفاظت) چاہتے ہیں (ابوداؤد)

# باہمی اختلاف سے بچنے کی دعاء

باہمی اختلاف سے بچنے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنَ الشِّقَاقِ. وَالنِّفَاقِ. وَسُوْءِ الْأَخْلَاقِ

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ کے ذریعہ شقاق (یعنی بُرے اختلاف، آپس کی پھوٹ) اور نفاق اور بُرے اخلاق سے پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں (ابوداؤد)

## اعضاء کے شر سے بچنے کی دعاء

آنکھ، کان، زبان، دل اور شرمگاہ وغیرہ کے شر سے بچنے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ سَمْعِیْ. وَمِنْ شَرِّ بَصَرِیْ. وَمِنْ شَرِّ لِسَانِیْ. وَمِنْ شَرِّ قَلْبِیْ. وَمِنْ شَرِّ مَنِیِّیْ**

ترجمہ: اے اللہ میں آپ سے پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں اپنے کانوں کی بُرائی سے، اور اپنی آنکھوں کی بُرائی سے، اور اپنی زبان کی بُرائی سے، اور اپنے دل کی بُرائی سے، اور اپنی منی (یعنی شرمگاہ) کی بُرائی سے (ترمذی)

## مالداری اور غربت کے شر سے بچنے کی دعاء

مالداری اور غربت کے شر وفتنہ سے بچنے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنْ فِتْنَةِ النَّارِ. وَعَذَابِ النَّارِ. وَمِنْ شَرِّ الْغِنٰی وَالْفَقْرِ**

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ کی پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں جہنم کے فتنہ سے، اور جہنم کے عذاب سے، اور مالداری اور فقر کے شر سے (ابوداؤد)

## قرض کی ادائیگی کے لئے دعاء

قرض کی ادائیگی کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَأَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ**

ترجمہ: اے اللہ! مجھے اپنے حرام (کاموں اور چیزوں) کے مقابلے میں اپنے حلال سے مالا مال کردے، اور مجھے اپنے فضل سے اپنے سوا سے بے نیاز (و مستغنی) کردیجئے (ترمذی)

## قرض سے نجات کی دعاء

قرض سے نجات کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ کے ذریعہ پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، گناہ سے اور قرض سے (مسلم)

## فقر وفاقہ اور ظالم ومظلوم بننے سے بچنے کی دعاء

فقر وفاقہ اور ظالم ومظلوم بننے سے بچنے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْفَقْرِ وَالْفَاقَةِ. وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ اَنْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ کے ذریعہ پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں فقر وفاقہ سے، اور میں آپ کے ذریعہ پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں ظالم بننے اور مظلوم بننے سے (ابن حبان)

## ذلت، رسوائی اور فقر وفاقہ سے بچنے کی دعاء

ذلت، رسوائی اور فقر وفاقہ سے بچنے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْفَقْرِ. وَالْقِلَّةِ. وَالذِّلَّةِ. وَاَعُوْذُ

بِکَ مِنْ أَنْ أَظْلِمَ أَوْ أُظْلَمَ

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ کی پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، فقر سے، اور (ضروریاتِ زندگی کی) قلت سے، اور ذلت سے، اور میں آپ کی پناہ (و حفاظت) چاہتا ہوں ظالم بننے سے اور مظلوم بننے سے (ابوداؤد)

## بھوک اور خیانت سے بچنے کی دعاء

بھوک اور خیانت سے بچنے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ عَنِ الْجُوْعِ. فَإِنَّهٗ بِئْسَ الضَّجِیْعُ. وَأَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْخِیَانَةِ. فَإِنَّهَا بِئْسَتِ الْبِطَانَةُ

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ کے ذریعہ پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، بھوکے پن سے، کیونکہ وہ برا ساتھی ہے، اور آپ کے ذریعہ پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، خیانت سے، جو کہ برا رازدار ہے (ابوداؤد)

## نظر لگنے سے حفاظت کی دعاء

جس کو کسی کی نظر لگ جائے، وہ یہ دعاء پڑھے یا یہ دعاء پڑھ کر دَم کرے:

أَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَمِنْ کُلِّ عَیْنٍ لَّامَّةٍ

ترجمہ: میں اللہ کے مکمل کلمات کے ذریعہ ہر شیطان اور موذی چیز اور ہر نظرِ بد سے پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں (بخاری)

www.idaraghufran.org

## نظر لگنے پر دَم کرنے کی دعاء

جب کسی کو نظر لگ گئی ہو، تو اس پر یہ دعاء پڑھ کر دَم کریں:

بِسْمِ اللّٰهِ أَرْقِيْکَ. مِنْ كُلِّ شَیْءٍ يُّؤْذِيْکَ مِنْ حَسَدِ كُلِّ حَاسِدٍ وَعَيْنٍ .بِسْمِ اللّٰهِ يَشْفِيْکَ

ترجمہ: اللہ کے نام سے میں آپ پر دَم کرتا ہوں، ہر اس چیز سے جو آپ کو تکلیف پہنچائے، ہر حسد کرنے والے کے حسد اور نظر سے، اللہ کے نام سے وہ آپ کو شفا عطا فرمائے گا (مسند احمد)

## بیمار پر دَم کرنے کی دعاء

جب کوئی بیمار ہو، تو اس پر یہ دعاء پڑھ کر دَم کریں:

بِسْمِ اللّٰهِ أَرْقِيْکَ. مِنْ كُلِّ شَیْءٍ يُّؤْذِيْکَ. مِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ أَوْ عَيْنٍ حَاسِدٍ. اَللّٰهُ يَشْفِيْکَ بِسْمِ اللّٰهِ أَرْقِيْکَ

ترجمہ: اللہ کے نام کے ساتھ میں آپ پر دَم کرتا ہوں، ہر اس چیز سے جو آپ کو تکلیف پہنچائے، اور ہر جان یا حسد کرنے والی آنکھ کی بُرائی سے، اللہ آپ کو شفاء دے، میں اللہ کے نام کے ساتھ آپ پر دَم کرتا ہوں (مسلم)

## درد کی شفایابی کی دعاء

اگر جسم کے کسی حصہ میں درد ہو تو اس جگہ ہاتھ رکھ کر تین مرتبہ ''بسم اللہ'' کہہ کر یہ دعاء پڑھیں:

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ

ترجمہ: اللہ کی ذات اور اس کی قدرت کی پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، اس چیز

IdaraGhufran

کے شر سے، جو مجھے پیش آئی ہے، اور جس کے پیش آنے کا ڈر ہے (مسلم)

## گم شدہ چیز واپس ملنے کی دعاء

جب کوئی چیز گم ہو جائے، تو اس کے واپس ملنے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ رَادَّ الضَّالَّۃِ.وَھَادِیَ الضَّلالَۃِ تَھْدِیُ مِنَ الضَّـلا لَۃِ. اُرْدُدْ عَلَیَّ ضَالَّتِیُ بِقُدْرَتِکِ وَسُلْطَانِکَ.فَإِنَّھَا مِنُ عَطَائِکَ وَفَضْلِکَ

ترجمہ: اے اللہ! گم شدہ کو واپس کرنے والے، اور راستہ بھٹکے ہوئے کو راستہ دکھانے والے، تو ہی بھٹکنے سے ہدایت دیتا ہے، اپنی قدرت اور حکومت کے ذریعہ میری گم شدہ چیز کو واپس فرمادے، کیونکہ وہ بے شک تیری عطاء اور تیرے فضل سے مجھے ملی تھی (طبرانی، بیہقی)

## نکاح کے بعد شوہر کو بیوی کے متعلق کرنے کی دعاء

جب کوئی شخص کسی سے نکاح کرے، تو نکاح کے بعد شوہر یہ دعاء پڑھے:

اَللّٰھُمَّ إِنِّیُ أَسْأَلُکَ خَیْرَھَا وَخَیْرَ مَا جَبَلْتَھَا عَلَیْہِ . وَأَعُوْذُ بِکَ مِنُ شَرِّھَا وَمِنُ شَرِّ مَا جَبَلْتَھَا عَلَیْہِ

ترجمہ: اے اللہ! میں آپ سے اس (بیوی) کے خیر کا سوال کرتا ہوں، اور آپ نے جو اس کی عادت میں خیر رکھی ہے، اس کا سوال کرتا ہوں، اور میں اس کے شر سے آپ کی پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں، اور اس کی عادت میں جو شر ہے، اس سے بھی آپ کی پناہ (وحفاظت) چاہتا ہوں (ابوداؤد)

# فوت ہونے کے وقت کی دعاء

جب کسی کو اپنے فوت ہونے کا ڈر ہو، تو یہ دعاء پڑھے:

**اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ. وَأَلْحِقْنِیْ بِالرَّفِیْقِ الْأَعْلٰی**

ترجمہ: اے اللہ! میری مغفرت فرما دیجئے، اور مجھ پر رحم فرما دیجئے، اور مجھے اعلیٰ رفیق (اوپر کے جہان کا ساتھی) کے ساتھ ملا دیجئے (ترمذی)

# بڑھاپے میں کثرت سے پڑھنے کی دعاء

بڑھاپے میں یہ دعاء پڑھا کریں:

**سُبْحَانَ اللّٰہِ. وَبِحَمْدِہٖ أَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ**

ترجمہ: پاک ہے اللہ کی ذات اور اسی کی تعریف ہے، میں اللہ سے مغفرت طلب کرتا ہوں (مسند احمد)

# جو فوت ہونے کے قریب ہو، اس کے پاس پڑھنے کی دعاء

جب کوئی فوت ہونے والا ہو، تو اس کے پاس معمولی بلند آواز سے یہ دعاء پڑھیں:

**لَااِلٰـہَ اِلَّااللّٰہُ**

ترجمہ: اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں (مسلم)

# حکمران کے ظلم وشر سے بچنے کی دعاء

حکمران کے ظلم وشر سے بچنے کے لئے یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ. وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ. کُنْ**

لِّیُ جَارًا مِّنُ فُلَانِ بُنِ فُلَانٍ وَأَحُزَابِهٖ مِنُ خَلَائِقِکَ . أَنُ یَّفُرُطَ عَلَیَّ أَحَدٌ مِّنُهُمُ أَوُ یَطُغٰی . عَزَّ جَارُکَ . وَجَلَّ ثَنَاؤُکَ. وَلَا إِلٰهَ إِلَّا أَنُتَ

ترجمہ: اے اللہ ساتوں آسمانوں کے رب! اور عرشِ عظیم کے رب، آپ میرے ہمراہی بن جائیے، فلاں بن فلاں (یہاں اس حکمران کا نام لے) کے مقابلہ میں، اور اپنی مخلوق میں سے اس کے لشکر کے مقابلہ میں، اس بات پر کہ ان میں سے کوئی مجھ پر زیادتی کرے، یا سرکشی کرے، آپ کی ہمراہی انتہائی معزز ہے، اور آپ کی تعریف بہت عظیم ہے، اور آپ کے علاوہ کوئی معبود نہیں (الادب المفرد)

## نمازِ وتر کی دعائے قنوت

نمازِ وتر کی ایک دعائے قنوت پہلے حصہ میں گزر چکی ہے، اور اگر چاہیں تو نمازِ وتر میں یہ دعاء پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ اھُدِنِیُ فِیُمَنُ ھَدَیُتَ. وَعَافِنِیُ فِیُمَنُ عَافَیُتَ. وَتَوَلَّنِیُ فِیُمَنُ تَوَلَّیُتَ. وَبَارِکُ لِیُ فِیُمَا أَعُطَیُتَ. وَقِنِیُ شَرَّ مَا قَضَیُتَ. إِنَّکَ تَقُضِیُ وَلَا یُقُضٰی عَلَیُکَ. وَإِنَّهٗ لَا یَذِلُّ مَنُ وَّالَیُتَ. وَلَا یَعِزُّ مَنُ عَادَیُتَ. تَبَارَکُتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیُتَ

ترجمہ: یا اللہ! مجھے ہدایت دیجیے اُن لوگوں میں جن کو آپ نے ہدایت عطا فرمائی، اور عافیت دیجیے مجھے ان لوگوں میں جن لوگوں کو آپ نے عافیت عطا فرمائی، اور

کارسازی فرمایئے، میری اُن لوگوں میں جن کی آپ نے کارسازی فرمائی، اور برکت عطا فرمایئے مجھے اُن چیزوں میں جو آپ نے مجھے عطا فرمائیں، اور حفاظت فرمایئے میری اُن چیزوں کے شَر سے جن کا آپ نے فیصلہ فرمایا، بے شک آپ ہی فیصلہ کرنے والے ہیں، اور آپ کے خلاف کوئی فیصلہ نہیں کیا جاسکتا، بے شک جس کی آپ مدد فرمائیں، وہ ذلیل نہیں ہوسکتا، اور جس سے آپ بیزاری فرمائیں، وہ کبھی عزت نہیں پاسکتا، آپ بابرکت ہیں اے ہمارے رب، اور بلند و بالا ہیں۔ [1]

اور بعض اہلِ علم حضرات نے دعائے قنوت کی ایک دعاء یہ بیان فرمائی ہے:

**اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ وَنَسْتَغْفِرُکَ وَنُؤْمِنُ بِکَ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْکَ وَنُثْنِیْ عَلَیْکَ الْخَیْرَ. نَشْکُرُکَ وَلَانَکْفُرُکَ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُکُ مَنْ یَّفْجُرُکَ. اَللّٰھُمَّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَلَکَ نُصَلِّیْ وَنَسْجُدُ وَاِلَیْکَ نَسْعٰی وَنَحْفِدُ نَرْجُوْ رَحْمَتَکَ وَنَخْشٰی عَذَابَکَ اِنَّ عَذَابَکَ بِالْکُفَّارِ مُلْحِقٌ**

ترجمہ: اے اللہ! ہم آپ سے مدد طلب کرتے ہیں، اور آپ سے گناہوں کی

---

[1] عن أبی الحوراء قال: قال الحسن بن علی: علمنی رسول الله -صلی الله علیه وسلم- کلمات أقولهن فی الوتر -قال ابن جواس فی قنوت الوتر ": -اللهم اهدنی فیمن هدیت، وعافنی فیمن عافیت، وتولنی فیمن تولیت، وبارک لی فیما أعطیت، وقنی شر ما قضیت، إئک تقضی ولا یقضی علیک، وإنه لا یذل من والیت، تبارکت ربنا وتعالیت" (سنن ابی داؤد، رقم الحدیث ۱۴۲۵، کتاب الصلاة، باب القنوت فی الوتر، المکتبة العصریة، بیروت، مسنداحمد، رقم الحدیث ۱۷۱۸، ترمذی، رقم الحدیث ۴۶۴، سنن النسائی، رقم الحدیث ۱۷۴۵)

قال شعیب الارنؤوط: إسناده صحیح (حاشیة ابی داؤد)

وقال فی حاشیة مسند احمد: إسناده صحیح، رجالُه کلهم ثقات.

www.idaraghufran.org

معافی کی درخواست کرتے ہیں، اور آپ پر ایمان لاتے ہیں، اور آپ پر توکل کرتے ہیں، اور آپ پر خیر کی ثناء (تعریف) کرتے ہیں، آپ کا شکر کرتے ہیں، اور آپ کی ناشکری نہیں کرتے، اور جو آپ کی نافرمانی کرے، ہم اس سے الگ ہوتے ہیں اور اس کو چھوڑتے ہیں، اے اللہ! ہم آپ ہی کی عبادت کرتے ہیں، اور آپ ہی کے لئے نماز پڑھتے اور سجدہ کرتے ہیں، اور آپ ہی کی طرف سعی کرتے اور بھاگ کر آتے ہیں، آپ کی رحمت کی امید کرتے ہیں، اور آپ کے عذاب سے ڈرتے ہیں، بے شک آپ کا عذاب کافروں کو پہنچنے والا ہے۔

## احرام شروع کرنے کی دعاء

احرام شروع کرتے وقت یہ دعاء پڑھیں:

**لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ . لَبَّیْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ. اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَکَ وَالْمُلْکَ. لَا شَرِیْکَ لَکَ**

ترجمہ: اے اللہ! میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں، آپ کا کوئی شریک نہیں، میں حاضر ہوں، بے شک حمد اور نعمت آپ ہی کے لئے ہے، اور ملک بھی، آپ کا کوئی شریک نہیں (مسلم)

## طواف کے دوران کی دعاء

طواف کرتے وقت یہ دعاء پڑھیں:

**رَبَّنَا آتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ**

النَّارِ.

ترجمہ: اے ہمارے رب ہمیں دنیا میں بھی بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھی بھلائی عطا فرما، اور ہمیں آگ (یعنی جہنم) کے عذاب سے بچا۔ [1]

## سعی کے لئے جانے کے وقت کی دعاء

جب صفا کی طرف سعی کرنے کے لئے جائیں، تو یہ دعاء پڑھیں:

**إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ**

ترجمہ: بے شک صفا اور مروہ اللہ کے شعائر میں سے ہیں۔ [2]

## صفا اور مروہ کی دعاء

سعی کے دوران صفا اور مروہ پر پہنچ کر یہ دعاء پڑھیں:

**لَا اِلٰـــهَ اِلَّا اللّٰـهُ .اَللّٰـهُ اَكْبَـرُ. لَا إِلٰـــهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَـرِيْكَ لَهٗ . لَـــهُ الْـمُـلْكُ وَلَـهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ**

ترجمہ: اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں، اور اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ کے علاوہ کوئی

---

[1] عن عبد الله بن السائب، قال :سمعت رسول الله -صلى الله عليه وسلم -يقول ما بين الركنين :(ربنا آتنا فى الدنيا حسنة وفى الآخرة حسنة وقنا عذاب النار)(سنن ابى داوٗد، رقم الحديث ۱۸۹۲، باب الدعاء فى الطواف)

قال شعيب الارنؤوط:إسناده محتمل للتحسين(حاشية ابى داوٗد)

[2] (عن جابر) ثم استلم الحجر، وخرج إلى الصفا، ثم قرأ (إن الصفا والمروة من شعائر الله) (مسند احمد، رقم الحديث ۱۴۴۴۰)

قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم(حاشية مسند احمد)

معبود نہیں، وہ تنہا ہے، جس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لئے مُلک ہے، اور اسی کے لئے حمد ہے، اور وہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے۔ ؎۱

# میدانِ عرفات کی دعاء

میدانِ عرفات میں حج کرنے والا یہ دعاء پڑھے:

**لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ. إِنَّمَا الْخَیْرُ خَیْرُ الْآخِرَۃِ**

ترجمہ: اے اللہ! میں حاضر ہوں، اے اللہ! میں حاضر ہوں، بس خیر تو آخرت کی خیر ہے (ابنِ خزیمہ) ؎۲

اور اگر چاہے تو یہ دعاء بھی پڑھے:

**لَا إِلٰـہَ إِلَّا اللّٰـہُ وَحْـدَہٗ لَا شَـرِیْکَ لَـہٗ. لَـہُ الْمُلْکُ وَلَـہُ الْحَمْدُ . بِیَدِہِ الْخَیْرُ. وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ**

ترجمہ: اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں، جو تنہا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے

---

؎۱ (عن جابر) فرقى على الصفا حتى إذا نظر إلى البيت كبر، قال " :لا إله إلا الله وحده لا شريك له، له الملك، وله الحمد، وهو على كل شىء قدير، لا إله إلا الله، أنجز وعده، وصدق عبده، وغلب الأحزاب وحده "، ثم دعا، ثم رجع إلى هذا الكلام، ثم نزل حتى إذا انصبت قدماه فى الوادى، رمل، حتى إذا صعد مشى، حتى أتى المروة، فرقى عليها، حتى نظر إلى البيت، فقال عليها كما قال على الصفا، فلما كان السابع عند المروة (مسند احمد، رقم الحديث ۱۴۴۴۰ )

قال شعيب الارنؤوط: إسناده صحيح على شرط مسلم(حاشية مسند احمد)

؎۲ عن ابن عباس، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم وقف بعرفات، فلما قال : لبيك اللهم لبيك قال :إنما الخير خير الآخرة (صحيح ابنِ خزيمة،رقم الحديث ۲۸۳۱، المعجم الاوسط للطبرانی، رقم الحديث ۵۴۱۹)

قال الهيثمى:رواه الطبرانى فى الأوسط، وإسناده حسن(مجمع الزوائد، تحت رقم الحديث ۵۳۶۸)

وقال الأعظمى :إسناده حسن(تعليق ابنِ خزيمة)

لئے مُلک ہے، اوراسی کے لئے حمد ہے، اوراسی کے قبضۂ قدرت میں خیر ہے، اور وہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے۔ ۱؎

## جمرات کی رمی کرتے وقت کی دعاء

حج کرنے والا جمرات پر ہر کنکری مارتے وقت یہ دعاء پڑھے:

**اَللّٰہُ اَکْبَرُ**

ترجمہ: اللہ سب سے بڑا ہے۔ ۲؎

## حجرِ اسود کے استلام کے وقت کی دعاء

حجرِ اسود کو چومتے یا اس کی طرف اشارہ کرتے وقت یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰہُ اَکْبَرُ** ۳؎

ترجمہ: اللہ سب سے بڑا ہے (ابوداؤد)

---

۱؎ عمرو بن شعیب، عن أبیه، عن جده، قال: کان أکثر دعاء رسول الله صلی الله علیه وسلم یوم عرفة "لا إله إلا الله وحده لا شریک له، له الملک وله الحمد، بیده الخیر، وهو علی کل شیء قدیر (مسند احمد، رقم الحدیث ۶۹۶۱)
قال شعیب الارنؤوط: حسن لغیره (حاشیة مسند احمد)

۲؎ عن یزید بن أبی زیاد، أخبرنا سلیمان بن عمرو بن الأحوص عن أمه، قالت: رأیت رسول الله -صلی الله علیه وسلم- یرمی الجمرة من بطن الوادی وهو راکب یکبر مع کل حصاة (سنن ابی داؤد، رقم الحدیث ۱۹۶۶، باب فی رمی الجمار)
قال شعیب الارنؤوط: حسن لغیره (حاشیة ابی داؤد)

۳؎ عن ابن عباس: أن النبی -صلی الله علیه وسلم- اضطبع فاستلم وکبر، ثم رمل ثلاثة أطواف (سنن ابی داؤد، رقم الحدیث ۱۸۸۹)
قال شعیب الارنؤوط: حدیث صحیح، وهذا إسناد حسن (حاشیة ابی داؤد)

Idara Ghufran

# بدفالی و بدشگونی سے حفاظت کی دعاء

اگر بدشگونی یا بدفالی پیدا ہو تو یہ دعاء پڑھیں:

**اَللّٰھُمَّ لَا خَیْرَ اِلَّا خَیْرُکَ . وَلَا طَیْرَ اِلَّا طَیْرُکَ. وَلَا اِلٰـہَ غَیْرُکَ**

ترجمہ: اے اللہ! نہیں ہے کوئی خیر مگر آپ کی خیر، اور نہیں ہے کوئی فال مگر آپ کی فال، اور نہیں ہے آپ کے علاوہ کوئی معبود (مسند احمد)

# زوجہ سے صحبت کے وقت کی دعاء

زوجہ سے صحبت سے پہلے یہ دعاء پڑھیں:

**بِسْمِ اللّٰـہِ. اَللّٰھُمَّ جَنِّبْنَا الشَّیْطَانَ. وَجَنِّبِ الشَّیْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا**

ترجمہ: اللہ کے نام سے، اے اللہ! ہم کو شیطان سے محفوظ رکھیے، اور جو آپ ہمیں رزق (یعنی اولاد) عطا فرمائیں، اس کو بھی شیطان سے محفوظ رکھیے۔ [1]

**وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ وَعِلْمُہٗ اَتَمُّ وَاَحْکَمُ.**

محمد رضوان

۳۰/صفر المظفر/۱۴۳۶ھ 23/دسمبر/2014ء بروز منگل

ادارہ غفران، راولپنڈی، پاکستان

---

[1] عن ابن عباس رضی اللہ عنہما، قال: قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم "لو أن أحدهم إذا أراد أن يأتي أهله قال: باسم الله، اللهم جنبنا الشيطان، وجنب الشيطان ما رزقتنا، فإنه إن يقدر بينهما ولد في ذلك لم يضره شيطان أبدا (بخاری، رقم الحدیث ۶۳۸۸)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# مسنون اذکار اور دعاؤں

کے

# فضائل واحکام

معتبر احادیث کی روشنی میں باسند و باحوالہ طریقہ پر دن ورات، صبح وشام اور متفرق
اوقات وحالات کی مسنون و مستحب دعائیں اور اذکار
دلنشین فوائد وتشریحات کے ساتھ

مصنّف
مفتی محمد رضوان

ادارہ غفران چاہ سلطان راولپنڈی
www.idaraghufran.org

Idara Ghufran

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مختصر

# ارکانِ اسلام

مع

# طریقۂ نماز

بچوں، بچیوں اور بالغوں کے لئے

اسلام کے بنیادی پانچ ارکان کلمۂ شہادت، نماز، زکاۃ، روزہ اور حج کا بنیادی
واجمالی تعارف اور وضو، غسل، فرض نمازوں، نمازِ جمعہ، نمازِ عیدین
نمازِ تراویح، نمازِ وتر، سنت ونفل نمازوں اور نمازِ جنازہ کا مختصر اور سہل طریقہ

مصنّف
مفتی محمد رضوان

ادارہ غفران راولپنڈی پاکستان
www.idaraghufran.org

Idara Ghufran